آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 18 جولائی 2020ء بمطابق 26 ذیقعد 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 196

آئندہ جون تک ایک ارب درخت اگا چکیں گے، وزیراعظم

10 ارب درخت اگانے کا فیصلہ کیا تھا، 2 برس میں 30 کروڑ درخت اگائے، ہماری نرسریوں میں پودے تیار ہیں، نیشنل پارکس جنگلات کو بھی تحفظ فراہم کرتے ہیں

بدقسمتی سے پاکستان ان ممالک کی فہرست میں آتا ہے جہاں سب سے کم جنگلات بچے ہیں، 9 نئے نیشنل پارکس ڈکلیئر کردیے ہیں، قدرتی اداروں میں ہفتے میں دو گھنٹے بچوں کو شجرکاری سے متعلق آگاہی کیلئے وقف کیے جائیں گے

نرسریوں میں پودوں کی افزائش کا سلسلہ جاری ہے اور اگلے 5 برس میں بتدریج اپنے مقصد میں کامیاب ہوجائیں گے، عمران خان کا شجرکاری مہم کے افتتاح کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ 10 ارب درخت اگانے کا فیصلہ کیا تھا، 2 برس میں 30 کروڑ درخت اگائے ہیں، ہماری نرسریوں میں پودے تیار ہیں اور آئندہ جون تک ایک ارب درخت اگا چکیں گے، بدقسمتی سے پاکستان ان ممالک کی فہرست میں آتا ہے جہاں سب سے کم جنگلات بچے ہیں، 9 نئے نیشنل پارکس ڈکلیئر کردیے ہیں، نیشنل پارکس جنگلات کو بھی تحفظ فراہم کرتے ہیں، قدرتی اداروں میں ہفتے میں دو گھنٹے بچوں کو شجرکاری سے متعلق آگاہی کیلئے وقف کیے جائیں گے، نرسریوں میں پودوں کی افزائش کا سلسلہ جاری ہے اور اگلے 5 برس میں بتدریج اپنے مقصد

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان سے ایس اے پی ایم نیشنل سیکورٹی ڈویژن اینڈ پولیس پلاننگ ڈاکٹر موئید یوسف ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع: فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغرین	07:27

بلوچستان میں ساحل وسائل کے تمام فیصلے اسمبلی کو اعتماد میں لیکر کیے جائیں، اپوزیشن

کورونا وائرس کی وباء کے دوران طبی عملے کو 17 کروڑ روپے کے جعلی اور زائد المعیاد آلات فراہم کئے گئے ہمارے پاس اس حوالے سے ثبوت اور شواہد موجود ہیں

صوبائی حکومت اپوزیشن کو دشمن سمجھتی ہے اپوزیشن ارکان بھی صوبے کے منتخب نمائندے ہیں، حکومت کو اور نہ ہی اپوزیشن کو علم ہے محکمہ معدنیات کا قلمدان وزیراعلیٰ کے پاس ہے

سینڈک معاہدے کی کن شرائط کی بنیاد پر لیز میں توسیع کی گئی ہے اس کا حکومت کو اور نہ ہی اپوزیشن کو علم ہے، ملک سکندر، ثناء بلوچ، یونس زہری، حاجی نواز کاکڑ، شکیلہ نوید دگیر کا اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن ارکان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اپوزیشن کو دشمن سمجھتی ہے اپوزیشن ارکان بھی صوبے کے منتخب نمائندے ہیں بلوچستان میں معدنیات سمیت ساحل وسائل کے تمام فیصلے اسمبلی کو اعتماد میں لیکر کیے جائیں، صوبے میں کورونا وائرس کے بچاؤ کے لئے اب تک وفاقی، صوبے اور ڈونر ایجنسیوں کی جانب سے دی جانے والی رقم کی تفصیلات فراہم کی جائیں، سینڈک معاہدے کی کن شرائط کی بنیاد پر لیز میں توسیع کی گئی ہے اس کا حکومت کو اور نہ ہی اپوزیشن کو علم ہے، یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کے روز ایک گھنٹہ کی تاخیر سے ڈپٹی سپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل کی زیر صدارت شروع ہوا۔ جمعیت علماء اسلام کے میر یونس عزیز زہری نے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کشمیر کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

بدقسمتی سے موجودہ ماحول عوام کے مفاد میں کام کرنے کے لئے سازگار نہیں ہے، محمد حسنی

وزیراعلیٰ کے لائزن اسسٹنٹ اور فوکل پرسن برائے کورونا وائرس سردار زادہ عمیر جان محمد حسنی نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ کے لائزن اسسٹنٹ اور فوکل پرسن برائے کورونا وائرس سردار زادہ عمیر جان محمد حسنی نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا، جمعہ کو وزیراعلیٰ بلوچستان کے نام لکھے گئے اپنے استعفے میں سردار زادہ میر عمیر جان محمد حسنی نے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

نوردلی محسود کا نام یو این پابندیوں کی فہرست میں شامل کرنا خوش آئند اقدام ہے، پاکستان

پاکستان اقوام متحدہ کی پابندیوں اور قراردادوں پر من وعن عمل کررہا ہے، امید ہے دنیا کے باقی ممالک بھی اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ نوردلی محسود کا نام یو این پابندیوں کی فہرست میں شامل کرنا خوش آئند اقدام ہے۔ جمعہ کو کالعدم ٹی ٹی پی کمانڈر نوردلی محسود پر اقوام متحدہ کی جانب سے پابندیاں عائد کیے جانے کے معاملے پر دفتر خارجہ نے کہا کہ نوردلی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ملک میں بجلی کا کوئی شارٹ فال نہیں ہے، وزیر توانائی عمر ایوب

بجلی کی کوئی قلت نہیں، بجلی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے پیداوار دستیاب ہے، قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران حکومت نے بتایا کہ ملک میں بجلی کا کوئی شارٹ فال نہیں ہے۔ جمعہ کو وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا کہ اس وقت ملک میں بجلی کی کوئی قلت نہیں بجلی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے پیداوار دستیاب ہے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ایف آئی اے بلوچستان کی کوئٹہ شہر میں حوالہ اور ہنڈی کے کاروبار کرنے والوں کے خلاف کارروائی 15 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے کے چیک برآمد

کوئٹہ (این این آئی) ایف آئی اے بلوچستان کی کوئٹہ شہر میں حوالہ اور ہنڈی کے کاروبار کرنے والوں

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں فائرنگ اور ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ اور ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا، پولیس

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار کے نواحی گاؤں میں خاتون نے اپنے رشتہ دار سے مل کر پولیس کانسٹیبل کا گلا دبا قتل کردیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کے نواحی گاؤں میں خاتون نے اپنے رشتہ دار سے مل کر

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پیلہ میں ذاتی دشمنی کی بنا پر ایک شخص قتل، پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے شامل تفتیش کردیا، دیگر ملزمان فرار

اوتھل (این این آئی) پیلہ میں ذاتی دشمنی کی بنا پر ایک شخص قتل، پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے شامل

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

سلوگن

اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومتی تدابیر اور عوامی دانشمندی سے ایک حد تک کرونا وائرس کی پسپائی ہوئی ہے، اب بھی کرونا کی مکمل پسپائی کیلئے روایتی یکجہتی کا مظاہرہ ناگزیر ہے اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق زندگی گزارنے والے اقوام ہی ذہنی وجسمانی طور پر مضبوط و متحرک ہوتے ہیں، حکومت نے عوام کو خبردار کیا ہے کہ اگر عیدالاضحیٰ کی وجہ سے رش کے دوران احتیاطی تدابیر میں غفلت ہوئی تو یہ وبا پھر سے بے قابو ہوجائے گی۔

ملک بھر سے اہم خبریں

گذشتہ 5 سالوں میں بلوچستان کو رائلٹی کی مد میں 29 ارب 67 کروڑ ادائیگی کی گئی، وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں بلوچستان کو تیل اور گیس کی مد میں ادا کردہ رائلٹی کی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کا بجٹ 144 سے بڑھا کر 203 ارب روپے کیا جارہا ہے، ڈاکٹر ثانیہ نشتر

لاہور (این این آئی) غربت کے خاتمے اور سماجی تحفظ کے بارے میں وزیراعظم کی معاون خصوصی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے قومی سلامتی کے مشیر معید یوسف کی ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے پاکستانیوں کو وطن واپس لانے کے حوالے سے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

باجوڑ میں افغان سرحد سے فائرنگ 3 افراد جاں بحق، 7 زخمی

باجوڑ (این این آئی) پاکستان اور افغانستان کے قریبی علاقے میں سرحد پار سے فائرنگ کے نتیجے میں 3

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

کشمیر کا معاملہ چالیس سے زائد ممالک کے سامنے اٹھایا، شاہ محمود قریشی

بھارتی عزائم کے باعث خطے میں امن وامان کو درپیش خطرات سے آگاہ کیا، مقبوضہ کشمیر میں آبادیاتی تناسب کو تبدیل کرنے کی بھارتی کوشش کا معاملہ بھی اٹھایا

افغانستان میں قیام امن کیلئے پاکستان نے اپنا مصالحانہ کردار خلوص نیت کے ساتھ ادا کیا اور کرتا رہے گا، وزیر خارجہ قومی اسمبلی کشمیر کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کشمیر کا معاملہ چالیس سے زائد ممالک کے ساتھ اٹھایا ہے، بھارتی عزائم کے باعث خطے میں امن وامان کو درپیش خطرات سے آگاہ کیا ہے، افغانستان میں قیام امن کیلئے پاکستان نے اپنا مصالحانہ کردار خلوص نیت کے ساتھ ادا کیا اور کرتا رہے گا۔ جمعہ کو پارلیمانی کشمیر کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی شہریار آفریدی کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں ہوا جس میں وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر، معاون خصوصی برائے قومی سلامتی معید یوسف و دیگر ممبران کشمیر کمیٹی اور پارلیمنٹرینز جبکہ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

چیئرمین وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو بیکرزی مواصلات وتعمیرات نورالامین مینگل زیر تعمیر پاور ٹرانسمیشن لائن کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

صحت پورٹو کشمور روڈ کا منصوبہ نصیر آباد ڈویژن کی قسمت بدل دے گا، سلیم کھوسہ

اس میگا پروجیکٹ سے علاقے میں خوشحالی کی نئی راہیں کھلیں گی جس سے بے روزگاری کے ازالے کے ساتھ ساتھ لمبا فاصلہ بھی سمٹ کر چند گھنٹوں پر محیط ہوجائے گا

موجودہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی کیونکہ عوام کے ووٹوں سے سلیکٹ ہونے والی حکومت کو غیر آئینی عمل سے ہرگز ہٹایا نہیں جاسکتا، صوبائی وزیر ریونیو

نصیر آباد (ٹی این) صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ صحت پورٹو کشمور روڈ کا منصوبہ نصیر آباد ڈویژن کی قسمت بدل دے گا اس میگا پروجیکٹ سے علاقے میں خوشحالی کی نئی راہیں کھلیں گی جس سے بے روزگاری کے ازالے کے ساتھ ساتھ لمبا فاصلہ بھی سمٹ کر چند گھنٹوں پر محیط ہوجائے گا اس میگا پروجیکٹ سے علاقے میں خوشحالی کی نئی راہیں کھلیں گی جس سے بے روزگاری کے ازالے کے ساتھ ساتھ لمبا فاصلہ بھی سمٹ کر چند گھنٹوں پر محیط ہوجائے گا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے پاکستان پینل کوڈ ترمیمی بل 2020 کی منظوری آئندہ اجلاس تک موخر کردی ہے

آئندہ اجلاس میں وزیر قانون اور سیکرٹری قانون اجلاس میں شرکت کو یقینی بنائیں، چیئرمین کمیٹی سینیٹر رحمان ملک کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس سینیٹر رحمن ملک کی زیر صدارت ہوا جس میں پاکستان پینل کوڈ ترمیمی بل 2020 کمیٹی میں پیش کیا گیا۔ سینیٹر رضا ربانی نے پاکستان پینل کوڈ ترمیمی بل 2020 پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس بل کا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

مقامی صنعتوں پر ڈیوٹیاں کم کرکے بیرون ملک سرمایہ کاروں کو صنعتیں لگانے کا موقع فراہم کیا جاسکتا، مشیر تجارت

کرونا وائرس کے باعث ہونے والے لاک ڈاؤن کے نتیجے میں آنے والے مہینوں میں برآمدات میں کمی آئی ہے

پاکستان اور افغانستان میں صنعتوں کے فروغ کیلئے بھی معاونت فراہم کرنے کیلئے تیار ہے، عبدالرزاق داؤد کی قائمہ کمیٹی برائے تجارت کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے بتایا ہے کہ کرونا وائرس کے باعث ہونے والے لاک ڈاؤن کے نتیجے میں آنے والے مہینوں میں برآمدات میں کمی آئی ہے، پاکستان اور افغانستان میں صنعتوں کے فروغ کیلئے بھی معاونت فراہم کرنے کیلئے تیار ہے جبکہ قائمہ کمیٹی نے ہدایت کی ہے کہ ٹریڈ اور ٹیکسٹائل پالیسی میں کاروباری طبقے کے نمائندہ فورم کے ساتھ مشاورت کے بعد بہتری لائی جائے، بیرون ملک تعینات ٹریڈ آفیسرز پاکستانی مصنوعات کی مانگ میں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سیاستدانوں اور بیوروکریٹس سمیت طاقتور اور بااثر لوگوں کی مافیائیں چاہتی تھی، سیاسی وسماجی

میرٹ کی بجائے من پسند لوگوں کو بھرتی کیا جائے جس پر وہ گزشتہ ایک سال سے کامیاب امیدواروں کی تعیناتی میں رکاوٹیں ڈال رہے تھے

عدالت عالیہ نے حق کا پول کھولتے ہوئے انصاف پر مبنی فیصلہ دیا، جس سے صوبے کے باصلاحیت اور پڑھے لکھے نوجوانوں کے حوصلے بلند ہوئے ہیں، عوامی حلقے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں سمیت محکمہ تعلیم میں خالی آسامیوں پر فی ٹیسٹنگ سروس سی ٹی ایس پی کے ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں نے گزشتہ روز بلوچستان ہائیکورٹ کے محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے حوالے سے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے تاریخی قرار دیا ہے، انکا کہنا تھا کہ گزشتہ ایک سال سے محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے حوالے سے میرٹ لسٹیں آچکی تھیں لیکن کیونکہ صوبے کی تاریخ میں پہلی بار حق داروں کو انکا حق ملا ہے لہذا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے 30 جولائی تک صوبے بھر میں شاپنگ مالز، مارکیٹیں، دکانیں صبح 9 سے رات 10 بجے تک کھولنے کا اعلان کردیا

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے 30 جولائی تک صوبے بھر میں شاپنگ مالز، مارکیٹیں، دکانیں صبح 9 سے رات 10 بجے تک کھولنے کا اعلان کردیا، جمعہ کو محکمہ داخلہ وقبائلی امور بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق حکومت بلوچستان نے صوبے بھر میں شاپنگ مالز، مارکیٹیں، دکانیں، اسٹورز صبح

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس کی وباء کے دوران طبی عملے کو 17 کروڑ روپے کے جعلی اور زائد المعیاد آلات فراہم کیے گئے، ثبوت موجود ہیں

بلوچستان میں معدنیات سمیت ساحل وسائل کے تمام فیصلے اسمبلی کو اعتماد میں لیکر کیے جائیں، صوبے میں کورونا وائرس کے بچاؤ کے لئے اب تک وفاقی، صوبے اور ڈونر ایجنسیوں کی جانب سے دی جانے والی رقم کی تفصیلات فراہم کی جائیں، سینڈک معاہدے کی کن شرائط کی بنیاد پر لیز میں توسیع کی گئی ہے اس کا حکومت کو اور نہ ہی اپوزیشن کو علم ہے، ملک سکندر، ثناء بلوچ، یونس زہری، حاجی نواز کاکڑ، شکیلہ نوید دگیر کا اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کشمیر کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

نوردلی محسود کا نام یو این پابندیوں کی فہرست میں شامل کرنا خوش آئند اقدام ہے، پاکستان

پاکستان اقوام متحدہ کی پابندیوں اور قراردادوں پر من وعن عمل کررہا ہے، امید ہے دنیا کے باقی ممالک بھی اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ نوردلی محسود کا نام یو این پابندیوں کی فہرست میں شامل کرنا خوش آئند اقدام ہے۔ جمعہ کو کالعدم ٹی ٹی پی کمانڈر نوردلی محسود پر اقوام متحدہ کی جانب سے پابندیاں عائد کیے جانے کے معاملے پر دفتر خارجہ نے کہا کہ نوردلی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ملک میں بجلی کا کوئی شارٹ فال نہیں ہے، وزیر توانائی عمر ایوب

بجلی کی کوئی قلت نہیں، بجلی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے پیداوار دستیاب ہے، قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران حکومت نے بتایا کہ ملک میں بجلی کا کوئی شارٹ فال نہیں ہے۔ جمعہ کو وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا کہ اس وقت ملک میں بجلی کی کوئی قلت نہیں بجلی کی طلب کو پورا کرنے کے لیے پیداوار دستیاب ہے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومتی تدابیر اور عوامی دانشمندی سے ایک حد تک کرونا وائرس کی پسپائی ہوئی ہے، اب بھی کرونا کی مکمل پسپائی کیلئے روایتی یکجہتی کا مظاہرہ ناگزیر ہے اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق زندگی گزارنے والے اقوام ہی ذہنی وجسمانی طور پر مضبوط و متحرک ہوتے ہیں، حکومت نے عوام کو خبردار کیا ہے کہ اگر عیدالاضحیٰ کی وجہ سے رش کے دوران احتیاطی تدابیر میں غفلت ہوئی تو یہ وبا پھر سے بے قابو ہوجائے گی۔

ملک بھر سے اہم خبریں

گذشتہ 5 سالوں میں بلوچستان کو رائلٹی کی مد میں 29 ارب 67 کروڑ ادائیگی کی گئی، وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں بلوچستان کو تیل اور گیس کی مد میں ادا کردہ رائلٹی کی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کا بجٹ 144 سے بڑھا کر 203 ارب روپے کیا جارہا ہے، ڈاکٹر ثانیہ نشتر

لاہور (این این آئی) غربت کے خاتمے اور سماجی تحفظ کے بارے میں وزیراعظم کی معاون خصوصی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے قومی سلامتی کے مشیر معید یوسف کی ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے پاکستانیوں کو وطن واپس لانے کے حوالے سے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

باجوڑ میں افغان سرحد سے فائرنگ 3 افراد جاں بحق، 7 زخمی

باجوڑ (این این آئی) پاکستان اور افغانستان کے قریبی علاقے میں سرحد پار سے فائرنگ کے نتیجے میں 3

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سینڈک کی لیز میں توسیع سے متعلق بلوچستان حکومت نے کوئی معاہدہ نہیں کیا، ظہور بلیدی

ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے 2019ء اور 2020ء میں چار ہزار سے زائد کارروائیاں کی ہیں

متعدد کیسز ڈرگ کورٹ کو بھیجے گئے ہیں جن میں کچھ کے فیصلے بھی ہوچکے باقی زیر سماعت ہیں، وزیر خزانہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر خزانہ بلوچستان میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ سینڈک کی لیز میں توسیع سے متعلق بلوچستان حکومت نے کوئی معاہدہ نہیں کیا نہ ہی مستقبل میں حکومت ایسا کوئی معاہدہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے 2019ء اور 2020ء میں چار ہزار سے زائد کارروائیاں کی ہیں متعدد کیسز ڈرگ کورٹ کو بھیجے گئے ہیں جن میں کچھ کے فیصلے بھی ہوچکے باقی زیر سماعت ہیں، یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں سینڈک لیز کی توسیع اور غیر معیاری ادویات کے اٹھائے گئے ریکوزیشن نکات پر بحث سمیٹتے ہوئے کہی، وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ سینڈک کی لیز میں توسیع سے متعلق بلوچستان حکومت نے کوئی معاہدہ نہیں کیا نہ ہی مستقبل میں حکومت ایسا کوئی معاہدہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں سینڈک لیز کی توسیع اور غیر معیاری ادویات کے اٹھائے گئے ریکوزیشن نکات پر بحث سمیٹتے ہوئے کہی، وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ سینڈک کی لیز میں توسیع سے متعلق بلوچستان حکومت نے کوئی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پاکستان پرامن مقاصد کے لئے حیاتیاتی شعبے میں عالمی تعاون اور تحقیق کے فروغ کا خواہاں ہے، سیکرٹری خارجہ

انٹرایجنسی ٹاسک فورس برائے بائیو سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی ریگولیشن کی صدارت وزارت خارجہ کے پاس ہے، سہیل محمود

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے کہا ہے کہ پاکستان پرامن مقاصد کے لئے حیاتیاتی شعبے میں عالمی تعاون اور تحقیق کے فروغ کا خواہاں ہے، انٹرایجنسی ٹاسک فورس برائے بائیو سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی ریگولیشن کی صدارت وزارت خارجہ کے پاس ہے۔ انسانی جینیاتی مادہ کے حصول، استعمال، ذخیرہ اور برآمد کرنے کی قومی ہدایات، دوسرا، کوڈ آف کنڈکٹ برائے لائف سائنسسٹس کے اجرا کی وزارت خارجہ میں تقریب کا انعقاد کیا گیا وزارت خارجہ اور قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) نے دو دستاویزات جاری کردیں۔ سیکرٹری خارجہ سہیل محمود اور این آئی ایچ کے ایگزیکٹو

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر طارق مینگل ملاقات کررہے ہیں

پاکستان اور ایران کے مابین باہمی تجارت دونوں برادر اسلامی ممالک اور وقت کی اہم ضرورت ہے، عبدالوحید مروت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان اور ایران کے مابین باہمی تجارت دونوں برادر اسلامی ممالک اور وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار کمشنر سرحد ایریز منٹ اینڈ فیسی لیٹیشن کوئٹہ عبدالوحید مروت نے قونصلیٹ جنرل ایران کے اکنامک آفیسرز کے انچارج حسین جعفری سے گزشتہ دنوں دورہ خیر گالی سکم ہاؤس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

محکمہ صحت لسبیلہ کی رپورٹ کے مطابق کورونا مریضوں کی تعداد 186 ہوگئی جبکہ تین افراد جاں بحق

ضلع لسبیلہ میں کورونا وائرس کے کیسز خطرناک حد تک بڑھنے لگے، حب کے بعد اوتھل اور پیلہ میں بھی کورونا وائرس سے کئی لوگ متاثر

اوتھل (این این آئی) ضلع لسبیلہ میں کورونا وائرس کے کیسز خطرناک حد تک بڑھنے لگے، حب کے بعد اوتھل اور پیلہ میں بھی کورونا وائرس سے کئی لوگ متاثر، محکمہ صحت لسبیلہ کی رپورٹ کے مطابق کورونا مریضوں کی تعداد 186 ہوگئی جبکہ آزاد ذرائع کے مطابق تعداد اس سے کئی زیادہ ہے، حب اور اوتھل میں کورونا وائرس سے تین افراد جاں بحق، تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان کے آبائی ضلع لسبیلہ میں بھی کورونا وائرس سے متاثر افراد کی تعداد تیزی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا بچوں کی گھریلو ملازمت پر پابندی کا فیصلہ

بچوں سے زیادتی گھروں سے شروع ہوتی ہے، قانون کے ساتھ ذہنیت بدلنے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر شیریں مزاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے بچوں کی گھریلو ملازمت پر پابندی کا فیصلہ کرلیا۔ وفاقی وزیر شیریں مزاری نے سینٹ کو بتایا کہ بچوں سے زیادتی گھروں سے شروع ہوتی ہے، قانون کے ساتھ ذہنیت بدلنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون پر عملدرآمد کریں گے لیکن لوگوں کو پکڑنے سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کمیشن برائے انسانی حقوق کے اختیارات کم نہیں کیے۔ نیشنل کمیشن برائے انسانی حقوق نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے حکم

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

سندیمن گوٹھ کے قریب فائرنگ 1 شخص جاں بحق

اوتھل (این این آئی) سندیمن گوٹھ کے قریب فائرنگ 1 شخص جاں بحق، قتل ذاتی اور وجہ دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے، پیلہ پولیس نے اب تک چھ افراد کو شبے میں گرفتار کرلیا ہے باقی کی تلاش جاری ایس ایچ او پیلہ، تفصیلات کے مطابق تاریخی شہر پیلہ میں راوانی روڈ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

پی ایس ڈی پی میں شامل منصوبوں کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی قائم

کمیٹی جائزہ لیکر آئندہ سماعت 28 جولاء 2020 کو اپنی رپورٹ عدالت میں پیش کریگی

آئینی پٹیشن 426/2016 میں دیے گئے فیصلے کی روح کے منافی ہیں، جسٹس جمال خان مندوخیل

کوئٹہ (ٹی این) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس نذیر احمد اگھو پر مشتمل بنچ نے صوبائی حکومت کے رواں مالی سال 2021 کے ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) میں شامل منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے چیئرمین وزیراعلیٰ بلوچستان میں معدنیات سمیت ساحل وسائل کے تمام فیصلے اسمبلی کو اعتماد میں لیکر کیے جائیں، صوبے میں کورونا وائرس کے بچاؤ کے لئے اب تک وفاقی، صوبے اور ڈونر ایجنسیوں کی جانب سے دی جانے والی رقم کی تفصیلات فراہم کی جائیں، سینڈک معاہدے کی کن شرائط کی بنیاد پر لیز میں توسیع کی گئی ہے اس کا حکومت کو اور نہ ہی اپوزیشن کو علم ہے، یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کے روز ایک گھنٹہ کی تاخیر سے ڈپٹی سپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل کی زیر صدارت شروع ہوا۔ جمعیت علماء اسلام کے میر یونس عزیز زہری نے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں فائرنگ اور ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ اور ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا، پولیس

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار کے نواحی گاؤں میں خاتون نے اپنے رشتہ دار سے مل کر پولیس کانسٹیبل کا گلا دبا قتل کردیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار کے نواحی گاؤں میں خاتون نے اپنے رشتہ دار سے مل کر

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پیلہ میں ذاتی دشمنی کی بنا پر ایک شخص قتل، پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے شامل تفتیش کردیا، دیگر ملزمان فرار

اوتھل (این این آئی) پیلہ میں ذاتی دشمنی کی بنا پر ایک شخص قتل، پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے شامل

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

**گذشتہ 5 سالوں میں بلوچستان ک

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

18 جولائی 2020ء

پاکستان میں کورونا کا شکار افراد کی تعداد 2 لاکھ 60 ہزار تک جا پہنچی

پاکستان میں کورونا کا شکار افراد کی تعداد 2 لاکھ 60 ہزار تک جا پہنچی ہے، اب تک 5 ہزار 475 مصدقہ مریض جاں بحق ہو چکے ہیں۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 23 ہزار 907 کورونا ٹیسٹ کیے گئے، اب تک مجموعی طور پر 16 لاکھ 76 ہزار 90 کورونا ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں، اس دوران کورونا کے 2 ہزار 85 نئے کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد اس وبا کا شکار مریضوں کی تعداد 2 لاکھ 59 ہزار 999 ہوگئی ہے۔ اس وقت ملک میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 73 ہزار 751 ہے جبکہ ایک لاکھ 83 ہزار 737 مریضوں نے اس وائرس کو شکست دے دی ہے۔ سندھ میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد ایک لاکھ 8 ہزار 913 ہے، پنجاب میں 88 ہزار 539، خیبر پختونخوا میں 31 ہزار 217، بلوچستان میں 11 ہزار 322، اسلام آباد میں 14 ہزار 402، آزاد کشمیر میں ایک ہزار 771 جب کہ گلگت بلتستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد ایک ہزار 750 ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے 49 افراد جان کی بازی ہار گئے، جس کے بعد اس وائرس سے اموات کی تعداد 5 ہزار 475 تک پہنچ گئی ہے۔ پنجاب میں 2 ہزار 43 مریض کورونا سے جاں بحق ہوئے ہیں۔ سندھ میں ایک ہزار 863، خیبر پختونخوا میں ایک ہزار 114، اسلام آباد میں 155، بلوچستان میں 127، آزاد کشمیر میں 46 اور گلگت بلتستان میں 38 اموات ریکارڈ ہوئی ہیں۔

خطۂ پنجاب تاریخ کے آئینہ میں

خطۂ پنجاب کے تہذیب وتمدن کا برصغیر پاک وہند کے ہند پر گہرے سیاسی، سماجی، معاشرتی، معاشی اور انسانی اثرات کی آج تک گہری چھاپ ہے یہ خطہ انتہائی

زرخیز ہونے کے بعد بیرونی جارحیت کا ہمیشہ محور رہا ہے جس بادشاہ نے اس علاقہ کو فتح کیا اس نے مقامی آبادی پر بہت ظلم وتشدد کیا پنجاب انسانی آبادی کے لحاظ سے دنیا کا نہایت ہی قدیم خطہ ہے۔ لفظ پنجاب علاقے کے نام کے طور پر مسلمانوں کی آمد کے بعد رائج ہوا۔ یہاں پر لاکھوں سال پہلے قدیم پتھر کے زمانے کا انسان آباد تھا جو جنگلی زندگی بسر کرتا تھا اور پتھر کے اوزاروں سے شکار کھیلتا تھا۔ پنجاب میں تاریخی دور کا آغاز آریاؤں کی آمد کے بعد سے ہوا۔ انہوں نے پنجاب میں قیام کے دوران کتاب رگ وید تصنیف کی۔ اس میں پنجاب کو سپت سندھو لکھا گیا ہے۔ سپت کے معنی سات اور سندھو کے معنی دریا کے ہیں۔ ان سات دریاؤں میں سے پانچ کا تعلق پنجاب سے ہے جبکہ چھٹے اور ساتویں دریا کے بارے میں اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔ بعض کے خیال میں باقی دو دریا، دریائے سندھ اور سرسوتی ہیں جبکہ کچھ دریائے کابل اور دریائے جمنوں کو بھی شامل کرتے ہیں۔ اس کے بعد اس کا نام پنج ند مشہور ہوا جس کے معنی پانچ ندیاں یا پانچ دریا ہیں۔ یہ پانچ دریا شدر یعنی ستلج، ویباس یعنی بیاس، ایراوتی یعنی راوی، چندر بھاگ یعنی چناب اور وتست یعنی جہلم ہیں۔ پنجاب پنجند کا فارسی ترجمہ ہے۔ پنجند کا لفظ مہا بھارت اور مابعد لٹریچر میں بھی مستعمل ہے۔ آج کل پنجند اس مقام کو کہتے ہیں جہاں پنجاب کے پانچ دریا ملتے ہیں۔ پنجاب کے بعض علاقوں کیلئے آریہ وات، بہلیک یا بیہک کا نام بھی تاریخ میں استعمال ہوا ہے۔ بہلیک یا وہیک پنجاب کا ایک قدیم قبیلہ تھا۔ قبیلوں کے اعتبار سے پنجاب کے بعض مخصوص خطوں کا نام مدردیس، مدر قبیلہ کی نسبت سے بھی رہا۔ کوروؤں اور پانڈوں کی لڑائیوں کے زمرے میں پنجاب کا نام پنجال میں بھی ملتا ہے۔ یونانیوں کے عہد میں اس کو پنجا پوتامیہ بھی کہا جاتا رہا یعنی پانچ دریاؤں کی سرزمین۔ اس کے بعد اسے نکی دیس کہا جاتا رہا۔ مشہور چینی سیاح ہیون سانگ کی ساتویں صدی عیسوی میں ہندوستان آمد کے وقت پنجاب کا یہی نام رائج تھا۔ بعض سنسکرتی ماخذوں میں پنجاب کے لئے پنج اہو کا لفظ بھی استعمال ہوا ہے۔ پنج اہو کے معنی بھی پانچ پانیوں کی سرزمین ہیں۔ مغل بادشاہ اکبر کے عہد میں پہلی بار اس سرزمین کو پنجاب کے نام سے موسوم کیا گیا۔ پنجاب کے مذکورہ تمام قدیم نام صفحۂ ہستی سے معدوم ہو گئے اور اس کا نیا فارسی نام پنجاب ہی آج تک زندہ وپائندہ ہے۔ پنج کے معنی پانچ، آب کے معنی پانی۔ یعنی پانچ پانیوں کی سرزمین۔ عمومی طور پر یہ پانچ دریا ستلج، بیاس، راوی، چناب اور جہلم لیے جاتے ہیں۔ پنجاب کا یہ دریائی نظام دنیا کا پانچواں عظیم ترین دریائی نظام ہے جو یہاں کے لوگوں کے لیے ایک بیش بہا قدرتی عطیہ ہے۔ خوشحالی کے سبب جو انسان یہاں پیدا ہوا وہ یہیں کا ہو کر رہ گیا، خوشحالی کے چرچے سن کر جو غیر ملکی حملہ آور، تاجر، مبلغ اور دوسرے لوگ یہاں آئے وہ بھی یہیں کے ہو کے رہ گئے۔ ان میں دراوڑ، آریہ، ایرانی، یونانی، منگول، مغل اور عربی شامل ہیں۔ وہ یہاں کا رہن سہن سیکھ گئے۔ پنجاب میں تہذیب وتمدن کا تنوع ان ہی لوگوں کی وجہ سے ہے۔ پنجاب کی سواں تہذیب، دنیا کی قدیم ترین تہذیب خیال کی جاتی ہے۔ وادی سواں کے اردگرد کے علاقوں میں انسان کثیر تعداد میں رہتے تھے۔ ان کے زیر استعمال پتھر کے اوزار جگہ جگہ ملے ہیں۔ دریائے سواں دریائے سندھ کا معاون دریا ہے اور راولپنڈی کے قریب بہتا ہے۔ وادی سواں راولپنڈی، اٹک، جہلم، ہزارہ، سرگودھا اور خوشاب کے اضلاع پر مشتمل ہے۔ سواں صنعت کے پتھریلے اوزاروں میں سب سے زیادہ قابل ذکر ٹوکا ہے۔ اس قسم کے اوزار دنیا میں اور کہیں بھی نہیں ملے۔ رفتہ رفتہ سواں کی صنعت بھی تبدیل ہوتی گئی۔ پہلے یہ لوگ غاروں رہتے تھے، گھاس پھوس اور شاید منکوں کے خیمے بھی بناتے۔ جانوروں کا شکار (جاری ہے)

ٹرمپ کی ہوٹل روز ویلٹ خریدنے کی خواہش

نصرت جاوید

آپ سے کیا پردہ۔ امریکی صدر کے نظریات، طرز زندگی اور انداز حکمرانی سے میں قطعاً متفق نہیں۔ اس کی شخصیت مگر بہت ہی مزے دار اور کئی حوالوں سے بہت ہی "وکھری" نوعیت کی ہے۔ میں اس کے بارے میں شائع ہوئے مضامین اور کتابوں کو بہت چاؤ سے ڈھونڈ کر نہایت توجہ سے پڑھتا ہوں۔ ٹی وی کے روبرو ہوئی اس کی گفتگو کو بارہا دیکھتے ہوئے جاننے کی کوشش کرتا ہوں کہ اس کے "جادو" کی کلید کیا ہے۔ ٹرمپ کی شخصیت پر مسلسل توجہ کی بدولت میں 2019 کی جولائی میں اس دن بہت حیران ہوا جب وزیر اعظم عمران خان اس کی دعوت پر وائٹ ہاؤس گئے۔ امریکی صدر نے ہمارے وزیر اعظم کو وائٹ ہاؤس کی "سیر" کروائی۔ اس کی اہلیہ نے Fans کی طرح عمران خان صاحب کے ہمراہ "سیلفی" بھی بنائی۔ عمران صاحب کے گرم جوش خیر مقدم کے علاوہ اہم ترین اور ایک حوالے سے تاریخ ساز واقعہ یہ بھی ہوا کہ پاکستان کے وزیر اعظم کو اپنے دائیں ہاتھ بٹھا کر ٹرمپ نے ازخود یہ اعلان کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے دائمی حل کے لئے ثالثی کا کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ آج بھی اس موقعہ کی کلپ کو دیکھیں تو بآسانی اندازہ ہو جاتا ہے کہ ٹرمپ کی اس پیش کش نے عمران خان صاحب کو خوش گوار حیرت میں مبتلا کر دیا۔ دوگنی مسرت انہیں ٹرمپ کا یہ دعویٰ سن کر بھی ہوئی کہ جاپان کے شہر اوساکا میں ہوئی ایک ملاقات کے دوران بھارتی وزیر اعظم مودی نے اس سے اس ضمن میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کی استدعا کی تھی۔ پاک۔ بھارت تعلقات کا دیرینہ طالب علم ہوتے ہوئے میں خود بھی حیرت میں مبتلا ہو گیا۔ میرے ضرورت سے زیادہ جھکی ذہن میں اگرچہ "ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو....." والا وسوسہ بھی گردش کرنا شروع ہو گیا۔ مزید پریشانی اس وجہ سے بھی لاحق ہوئی کہ مودی نے ٹرمپ کے دعوے کی براہ راست تردید نہ کی۔ اپنے وزیر خارجہ کے ذریعے فقط ایک محتاط بیان دلوایا۔ انتہائی خاموشی اور مکاری سے مگر نریندر مودی 5 اگست 2019 والا قدم اٹھانے کی تیاریوں میں مصروف ہو گیا۔ 80 لاکھ کشمیری مسلمانوں کی زندگی اس دن سے آج تک شدید عذاب کی زد میں آ چکی ہے۔ اس کے ازالے کے امکانات نظر نہیں آ رہے۔ عمران۔ ٹرمپ ملاقات کے علاوہ ایک ملاقات ہمارے وزیر اعظم کے ایک بہت ہی بااختیار اور قابل اعتماد مشیر جناب زلفی بخاری صاحب کی بھی ہوئی۔ بخاری صاحب ٹرمپ کی بیٹی اور داماد سے ملے۔ یہ دونوں وائٹ ہاؤس کی پالیسی سازی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ٹرمپ کا داماد یہودی النسل ہے۔ امریکی صدر نے اسے مشرق وسطیٰ کے حوالے سے اپنے ملک کی پالیسیوں کا غیر رسمی انداز میں حتمی نگہبان مقرر کر رکھا ہے۔ اس کی بدولت ہی امریکہ نے اب یروشلم کو اسرائیل کا دارالحکومت سرکاری طور پر تسلیم کر لیا ہے۔ سفارتی اثر ورسوخ کا ذکر چلے تو خواہ مخواہ کی "نظریاتی" بحث میں اُلجھنے سے گریز کرتا ہوں۔ معلومات کو ہمیشہ ٹھوس حقائق کے تناظر میں رکھ کر جانچنے کی کوشش کی۔ زلفی بخاری کی ٹرمپ کی بیٹی اور داماد کے ساتھ تصویر دیکھنے کے بعد فوری طور پر یہ جانتے ہوئے واقعتاً طمانیت محسوس کی کہ وائٹ ہاؤس کے موثر ترین کرداروں کو بھی زلفی بخاری صاحب کے توسط سے ہم نے Cultivate کر لیا ہے۔ "ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو....." والا وسوسہ مگر اپنی جگہ برقرار رہا۔ اس وسوسے کی مستقل کھد بد نے مجھے یاد دلایا کہ نیویارک میں "ہوٹل روز ویلٹ" بھی ہوتا ہے۔ یہ پی آئی اے کی ملکیت ہے۔ اقوام متحدہ کی عمارت تک اس ہوٹل سے آپ دس منٹ تک پیدل چلنے کے بعد پہنچ جاتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سالانہ اجلاس کے دوران پاکستان سے گئے صدور اور وزرائے اعظم اپنے وفود سمیت اس ہوٹل میں ٹھہرتے رہے ہیں۔ میں 1986 سے 2003 تک کئی بار ان وفود کے ہمراہ گیا۔ 2004 کے بعد سے مگر سرکاری وفود کے ہمراہ غیر ملکی دوروں پر جانے سے اجتناب برتنے کا فیصلہ کیا۔ رب کا صد شکر کہ اس نے اس فیصلے پر قائم رہنے کی قوت عطا فرمائی۔

بہرحال اس ہوٹل کو یاد کرتے ہوئے اس حقیقت پر بھی توجہ دینا پڑی کہ ٹرمپ بنیادی طور پر Real Estate کا کھلاڑی ہے۔ "ٹرمپ ٹاور" کے نام سے اس نے ایک مہنگا ہوٹل بھی بنا رکھا ہے۔ اس ہوٹل کی ایک برانچ ترکی کے شہر استنبول میں بھی موجود ہے۔ بھارت میں اس "برانڈ" کے تحت ممبئی، پونا اور گرگاؤں کے "ٹوئیڈا" میں بہت ہی جدید مگر مہنگے فلیٹوں کی ایک Chain بھی بنائی جا رہی ہے۔

ٹرمپ کی کاروباری جبلت کو ذہن میں لاتے ہوئے خود سے یہ سوال اٹھانے کو مجبور ہو گیا کہ ترکی اور بھارت میں اپنے "برانڈ" کو فروغ دینے کے جنون میں مبتلا (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

متضاد خبریں انتشار کا سبب

خبر ہے کہ ہمارے اطلاعات کے اکثر ذرائع خبر کی اشاعت سے پہلے خبر کی تصدیق کرانا ضروری نہیں سمجھتے۔ ان کے نیوز سورسس بھی مصدقہ نہیں ہوتے۔ نیبل نیوز یا سنی سنائی خبر ہی ان کے نزدیک خبر ہوتی ہے۔ اب خبر ہے کہ ملک بھر کے سرکاری ملازمین نے بجٹ میں تنخواہوں میں اضافہ نہ ہونے کے خلاف ملک گیر احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعظم اور ارکان اسمبلی کی تنخواہوں میں 200 فیصد تک اضافہ اور ملازمین کیلئے خزانہ خالی ہے کا رونا رویا جاتا ہے

آئی ایم ایف زدہ غریب مکاؤ بجٹ مسترد۔ حکمرانوں کی ملازمین دشمن پالیسیوں کے خلاف پارلیمنٹ ہاؤس کا گھیراؤ کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن سمیت دیگر مراعات میں اضافہ نہ کیا اور ملازمین کے چارٹر آف ڈیمانڈ کے مطابق مطالبات پورے نہ کئے گئے تو پھر اسلام آباد میں دھرنا مست قلندر ہوگا۔ اور پارلیمنٹ کا گھیراؤ کر کے بھوک ہڑتالی کیمپ لگائے جائیں گے۔

جس میں مرحلہ کی سطح پر ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی اور اس میں پہلے مرحلے میں پنجاب اسمبلی سمیت ملک کی تمام صوبائی اسمبلیوں کے سامنے احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے اور بھوک ہڑتالی کیمپ لگائے جائیں گے اور دوسرے مرحلے میں سرکاری اداروں کا مکمل طور پر بائیکاٹ کیا جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جبکہ آخری اور تیسرے مرحلے میں اسلام آباد کا رخ کیا جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس میں پارلیمنٹ کے سامنے بھوک ہڑتالی کیمپ لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جس میں ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن سمیت دیگر مراعات میں اضافہ اور ہر قسم کی تفریق ختم ہونے تک احتجاجی تحریک جاری رکھی جائے گی۔ دوسری طرف ریٹائرمنٹ کی عمر 55 سال کرنے کے حوالے سے حکومت کا موقف سامنے آ گیا۔ ہے

سرکاری ملازمین کی ریٹائرمنٹ کی عمر 60 سے کم کر کے 55 سال کرنے کی خبروں کے حوالے سے حکومت کا موقف سامنے آ گیا۔

وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے اسٹیبلشمنٹ

شہزاد ارباب نے وضاحت کی کہ ایسی خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سرکاری ملازمین کو پنشن اور دیگر مراعات کے بغیر ریٹائر کرنے کی خبریں بھی درست نہیں، ایسا کوئی اقدام حکومت کے زیر غور نہیں۔

گذشتہ کئی دنوں سے یہ خبر ملازمین کیلئے باعث تشویش بنی ہوئی تھی کہ ملازمت سے سبکدوش ہونے والوں کو کوئی پنشن یا دوسری مراعات نہیں دی جائیں گی اور اب خبر ہے کہ حکومت نے ریٹائرمنٹ کی عمر اور پنشن کے خاتمے سے متعلق خبروں کو مسترد کر دیا ہے۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں ریٹائرمنٹ کی عمر کم کرنے اور پنشن کے خاتمے کا معاملہ زیر بحث آیا۔ وفاقی وزیر علی محمد خان نے سینیٹ کو بتایا کہ ریٹائرمنٹ کی عمر کم کرنے اور پنشن ختم کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، سوشل میڈیا پر لوگ اس طرح کی باتیں پھیلانا شروع کر دیتے ہیں۔

اس سے قبل سینیٹ میں رحمن ملک اور میر کبیر نے توجہ دلاؤ نوٹس میں کہا کہ تھا کہ ریٹائرمنٹ کی عمر کم کرنے اور پنشن ختم کرنے کا فیصلہ آئی ایم ایف کی شرط پر کیا جا رہا ہے۔ یہ بھی نکتہ اٹھایا گیا تھا کہ یہ بھی سامنے آ رہا ہے کہ ملازم کو ریٹائرمنٹ سے پہلے جب چاہے فارغ کر دیا جائے گا۔

سینیٹر میر کبیر نے کہا کہ ہم نے کہا تھا کہ ایک تولا سے کم تنخواہ نہیں ہونی چاہیے، آج کے دور میں 12 سے 14 ہزار روپے ماہانہ تنخواہ لینے والے کا حال تو پوچھ لیں۔

یہ بھی اعتراض اٹھایا گیا کہ جو منتخب ہو کر ملازمت پر آتے ہیں انھیں 55 سال کی عمر میں نوکری سے نکال رہے ہیں۔ ایک خبر یہ بھی ہے کہ

نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر و سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے سینٹ میں اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی سے یہاں امیروں کے لئے الگ قانون ہے اب تو ملازمتوں میں بھی الگ قانون آیا ہے زور آوروں کو 65 سال جبکہ طاقتوروں کے 60 سال بڑھائے گئے اور جو غریب ہے ان کو 55 سال میں ریٹائر کیا جا رہا ہے نیشنل پارٹی اس کی سخت مذمت کرتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا کہ کہا جا رہا ہے سرکاری ملازمین کی ریٹائرمنٹ کی عمر اب 55 سال کر دی گئی جبکہ اس کے پنشن ختم کرنے کی بحث چل رہی ہے نیشنل پارٹی اس طرح کے ہتھکنڈوں کی سخت مذمت کرتی ہے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے اس ملک میں غریبوں کے لئے الگ قانون اور امیروں کے لئے الگ قانون ہے یہی پارلیمنٹ تھی جنہوں نے زور آوروں کو ملازمت میں 65 سال اور طاقتوروں کو 60 سال کی مدت بڑھائی لیکن وہ غریب جو 11 گریڈ یا پھر 12 گریڈ میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں کو 55 سال پر ریٹائرمنٹ دینے کی۔

متضاد خبریں انتشار کا سبب بنتی ہیں احتیاط ضروری ہے۔

کیا عثمان بزدار جا رہے ہیں؟؟؟؟

محمد اکرم چوہدری

وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کے جانے والے ان کی رخصتی کی خبریں چلا رہے ہیں، بحث ہو رہی ہے۔ سب کو ایک گرما گرم موضوع ملا ہوا ہے۔ پروگرامز ہو رہے ہیں، تجزیے وتبصرے ہو رہے ہیں۔ سیاسی بازار گرم ہے۔ جو انہیں بھیجنا چاہتے ہیں ان کی تعداد جتنی ہے اس کے بارے تو کچھ کہنا مشکل ہے لیکن یہ بات طے ہے کہ انہیں ہٹانے جانے کی کوششیں ہوتی رہتی ہیں۔ اس دوڑ میں ان کے سیاسی مخالفین بھی شامل ہوتے ہیں اور سیاسی ساتھی بھی بوقت ضرورت اس نیک کام میں حصہ ڈالتے رہتے ہیں لیکن اس دوڑ میں سب سے دلچسپ چیز اراکین اسمبلی کی دوڑیں ہیں کیونکہ ایک سو اسی اراکین اسمبلی میں سے ایک سو اسی افراد وزارت اعلیٰ کے امیدوار نظر آتے ہیں۔ سب اپنے اپنے انداز میں دوڑ اور کوششیں کر رہے ہیں۔ اس کوشش میں وہ اتنا تیز بھاگتے ہیں کہ اکثر اوقات وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کہیں بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سے آگے نکلنے والے یہ افراد جب پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں تو واپس اپنے باس کی طرف دوڑتے ہیں کیونکہ دور کھڑے عثمان بزدار مسکرا کر اپنے وزراء اور اراکین اسمبلی کو دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ پھر یہ سب ہانپتے ہانپتے عثمان بزدار کے پاس پہنچتے اور کہتے ہیں سر آپ اتنا پیچھے کیوں رہ گئے آئیں دوڑ لگاتے ہیں صحت مند مقابلے کی فضاء قائم کرتے ہیں۔ پھر وزیر اعلیٰ کی خوشامد کا نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہوتا ہے ان کی مسکراہٹ پر تعریفی کلمات ادا کیے جاتے ہیں، وزیر اعلیٰ کی سادگی کو تاریخ حیثیت دی جاتی ہے۔ ان کے بیانات پر داد دی جاتی ہے۔ اس تعریف کی وجہ وزارتوں کا خوف اور مستقبل میں کام نکلوانے کا راستہ کھلا رکھنا بھی ہوتا ہے۔ اس کھیل میں کئی خبریں ایسی بھی دیکھی ہیں کہ رکن قومی اسمبلی کو بھی وزیر اعلیٰ کا امیدوار دکھا دیا گیا ہے۔ جب تک عثمان بزدار عہدے پر موجود ہیں یہ کام اور کھیل جاری رہے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی تبدیلی صرف عمران خان کے عدم اعتماد سے ہی ممکن ہے۔ پنجاب کے وزیر اعلیٰ کی تبدیلی کا فیصلہ وزیر اعظم عمران خان نے کرنا ہے اور جب تک وہ اس حوالے سے کوئی فیصلہ نہ کر لیں کوئی تبدیلی ممکن نہیں ہے اور جب وزیر اعظم نے یہ فیصلہ کر لیا کہ عثمان بزدار کو رخصت کرنا ہے تو اس فیصلے کے بعد ان کا وزارت اعلیٰ کے عہدے پر ایک گھنٹہ گذارنا بھی ممکن نہیں رہے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا انتخاب عمران خان نے ذاتی حیثیت میں کیا تھا اور ان کی رخصتی کا فیصلہ بھی وہی کریں گے۔

اس مسئلے پر تجزیہ نگاروں، ٹی وی اینکرز اور سیاست دانوں سے گذارش ہے کہ اس مسئلے پر وقت ضائع نہ کریں۔ اس تبدیلی کے لیے وزیر اعظم کی طرف دیکھیں کیونکہ حتمی فیصلہ انہوں نے ہی کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ بننے کے ایک سو اسی خواہش مند افراد بھی یقین رکھیں کہ پنجاب کا وزیر اعلیٰ صرف ایک شخص نے ہی بننا ہے۔ شبلی فراز کی ٹویٹ کے بعد ویسے ہی یہ بحث ختم ہو جانی چاہیے کیونکہ شبلی فراز ایک سمجھدار اور سنجیدہ شخصیت ہیں مشکل ہے وہ کسی یوٹرن پالیسی پر عمل کر رہے ہوں گے۔ ویسے تو پاکستان تحریک انصاف کا ماضی یوٹرن کے حوالے سے نہایت دلچسپ ہے اور کبھی کچھ بھی ممکن ہے اس میدان میں وہ چیمپین سمجھے جاتے ہیں لیکن شبلی فراز نے فوری طور پر افواہوں (جاری ہے)

وزیر اعلیٰ میر جام کمال خان کی کاوشوں سے آج بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا ہوا ہے

معروف قبائلی شخصیت مرکزی رہنما بلوچستان عوامی پارٹی، ملک مصلح الدین مینگل ایڈوکیٹ

سوال ملک صاحب۔ صوبائی حکومت کے تعاون سے آپ نے اب تک کہاں اور کتنے ترقیاتی کام کروائے؟

جواب۔ میرے بڑے بھائی ملک صلاح الدین مینگل علم دوست ترقی پسند انسان ہے وہ بلوچستان میں تعلیم عام کرنے کے لیے اپنی بساط کے مطابق کوشش کر رہے ہیں ان کا خواب ہے کہ بلوچستان کا ہر بچہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو انہوں نے کلی کمالو میں گورنمنٹ کو ایک ایکڑ زمین فراہم کی ہے اس کے علاوہ انہوں نے چند سال قبل بھی گورنمنٹ کو بوائز سکول کے لیے مفت زمین فراہم کی ہے اور جہاں تعلیم کا سلسلہ جاری ہے

سوال۔ ترقیاتی کاموں کے علاوہ عوام کے لئے سماجی حوالے سے کام کروائے ہے؟

جواب جی ہاں گزشتہ چار ماہ سے کرونا وائرس نے عوام کو معاشی طور پر بدحال کر دیا ہے سب سے پہلے میری درخواست اور تجویز پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی خصوصی ہدایت اور تعاون سے سریاب کے مختلف علاقوں میں لوگوں میں راشن اور نقد رقوم تقسیم کروائے جس کے لیے میں ان کا بے حد مشکور ہوں سوال۔ عوام کے نام کیا پیغام دیں گے؟

جواب۔ عوام باشعور ہیں ان سے میری گزارش ہے کہ آزمائے ہوئے عناصر کو مسترد کر دیں، حقیقی اور مخلص قیادت کا ساتھ دیں اپنے اندر اتحاد و یکجہتی پیدا کریں اور قسم کے اختلافات اور تنازعات کا خاتمہ کریں تعلیم کی طرف توجہ دیں۔ ملک وقوم دشمن عناصر کی حوصلہ شکنی کریں اس میر جام کمال خان عالیانی کا ساتھ دیں اور بلوچستان عوامی پارٹی کے جھنڈے تلے جمع ہو جائے۔

سوال۔ ملک صاحب اپ کے بڑے بھائی سابق اٹارنی جنرل بلوچستان ملک صلاح الدین مینگل نے کلی کمالو میں گرلز اسکول اور بوائز اسکول کے لیے اپنی زمین دی ہے؟

جواب۔ میرے بڑے بھائی ملک صلاح الدین مینگل علم دوست ترقی پسند انسان ہے وہ بلوچستان میں تعلیم عام کرنے کے لیے اپنی بساط کے مطابق کوشش کر رہے ہیں ان کا خواب ہے کہ بلوچستان کا ہر بچہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو انہوں نے کلی کمالو میں گورنمنٹ کو ایک ایکڑ زمین فراہم کی ہے اس کے علاوہ انہوں نے چند سال قبل بھی گورنمنٹ کو بوائز سکول کے لیے مفت زمین فراہم کی ہے اور جہاں تعلیم کا سلسلہ جاری ہے

سوال۔ ترقیاتی کاموں کے علاوہ عوام کے لئے سماجی حوالے سے کام کروائے ہے؟

جواب جی ہاں گزشتہ چار ماہ سے کرونا وائرس نے عوام کو معاشی طور پر بدحال کر دیا ہے سب سے پہلے میری درخواست اور تجویز پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی خصوصی ہدایت اور تعاون سے سریاب کے مختلف علاقوں میں لوگوں میں راشن اور نقد رقوم تقسیم کروائے جس کے لیے میں ان کا بے حد مشکور ہوں سوال۔ عوام کے نام کیا پیغام دیں گے؟

جواب۔ عوام باشعور ہیں ان سے میری گزارش ہے کہ آزمائے ہوئے عناصر کو مسترد کر دیں، حقیقی اور مخلص قیادت کا ساتھ دیں اپنے اندر اتحاد و یکجہتی پیدا کریں اور قسم کے اختلافات اور تنازعات کا خاتمہ کریں تعلیم کی طرف توجہ دیں۔ ملک وقوم دشمن عناصر کی حوصلہ شکنی کریں اس میر جام کمال خان عالیانی کا ساتھ دیں اور بلوچستان عوامی پارٹی کے جھنڈے تلے جمع ہو جائے۔

سوال۔ ملک صاحب آپ کے بڑے بھائی سابق اٹارنی جنرل بلوچستان ملک صلاح الدین مینگل نے کلی کمالو میں گرلز اسکول اور بوائز اسکول کے لیے اپنی زمین دی ہے؟

جواب۔ میرے بڑے بھائی ملک صلاح الدین مینگل علم دوست ترقی پسند انسان ہے وہ بلوچستان میں تعلیم عام کرنے کے لیے اپنی بساط کے مطابق کوشش کر رہے ہیں ان کا خواب ہے کہ بلوچستان کا ہر بچہ تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو انہوں نے کلی کمالو میں گورنمنٹ کو ایک ایکڑ زمین فراہم کی ہے اس کے علاوہ انہوں نے چند سال قبل بھی گورنمنٹ کو بوائز سکول کے لیے مفت زمین فراہم کی ہے اور جہاں تعلیم کا سلسلہ جاری ہے

سوال۔ ترقیاتی کاموں کے علاوہ عوام کے لئے سماجی حوالے سے کام کروائے ہے؟

جواب جی ہاں گزشتہ چار ماہ سے کرونا وائرس نے عوام کو معاشی طور پر بدحال کر دیا ہے سب سے پہلے میری درخواست اور تجویز پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی خصوصی ہدایت اور تعاون سے سریاب کے مختلف علاقوں میں لوگوں میں راشن اور نقد رقوم تقسیم کروائے جس کے لیے میں ان کا بے حد مشکور ہوں سوال۔ عوام کے نام کیا پیغام دیں گے؟

جواب۔ عوام باشعور ہیں ان سے میری گزارش ہے کہ آزمائے ہوئے عناصر کو مسترد کر دیں، حقیقی اور مخلص قیادت کا ساتھ دیں اپنے اندر اتحاد و یکجہتی پیدا کریں اور قسم کے اختلافات اور تنازعات کا خاتمہ کریں تعلیم کی طرف توجہ دیں۔ ملک وقوم دشمن عناصر کی حوصلہ شکنی کریں اس میر جام کمال خان عالیانی کا ساتھ دیں اور بلوچستان عوامی پارٹی کے جھنڈے تلے جمع ہو جائے۔



انٹرویو۔ نور احمد راہی

انسانوں سے بے پناہ محبت کرتے ہیں پھر انہی انسانوں کی فلاح وبہبود اور ان کی اصلاح کے لئے ایسے انسان پیدا کیے جنہیں اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی خدمت پر مامور کیا گویا وہ انسان یا شخصیات اللہ تعالیٰ کے نزدیک عظیم اور دوست ہیں جو انسانیت کی خدمت کرتے ہیں اللہ کے انہی دوستوں میں ایک عظیم شخصیت جناب ملک مصلح الدین مینگل بھی ہیں جنہوں نے اپنی تمام تر زندگی شب وروز انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کر رکھی ہے بلوچ قوم کے سب سے معتبر قبیلہ مینگل سے تعلق رکھنے والے ملک مصلح الدین مینگل معروف انسان دوست شخصیت ہے مثال قانون دان سابق ایڈوکیٹ جنرل بلوچستان جناب ملک صلاح الدین مینگل کے چھوٹے بھائی ہیں ہے گویا ان کا پورا گھرانہ ہی اللہ کے نزدیک دوست ہے کیونکہ اس گھرانے کے ہر فرد نے بلوچستان اور انسانیت کے لیے خدمت کے لیے ہمیشہ پیش پیش رہے ہیں، ملک مصلح الدین مینگل اعلیٰ تعلیم یافتہ ہے اور وکالت کی ڈگری بھی حاصل کر رکھی ہے بہرحال والد محترم کے بعد قوم اور عوام کی خدمت اور آبائی زمینوں کی دیکھ

شال بقیہ 1

میں کامیاب ہوجائیں گے۔ کیونکہ میں وزیراعظم عمران خان نے مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان ان ممالک کی فہرست میں آتا ہے جہاں سب سے کم جنگلات بچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 9 نئے نیشنل پارکس ڈکلیئر کردیے ہیں، نیشنل پارکس جنگلات کو بھی تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ نرسریوں میں پودوں کی افزائش کا سلسلہ جاری ہے اور اگلے 5 برس میں بتدریج اپنے مقصد میں کامیاب ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کیونکہ میں جنگلات کی حفاظت اور ان کے تحفظ کیلئے 300 گلہنا نعلاتے میں موجود ہے جن کی تعداد 3 ہزار تک کردی جائے گی تاکہ وہ جنگل کو آباد رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل جنگل اور درختوں کی اہمیت کو بہت سمجھتے ہیں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے تدریسی اداروں میں ہفتے میں دو گھنٹے بچوں کو شجرکاری سے متعلق آگاہی کیلئے وقف کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ترقیاتی منصوبوں کی آڑ میں سیکڑوں درخت کاٹ دیے گئے اب وہاں ماحولیاتی آلودگی کا تناسب اس قدر بڑھ چکا ہے کہ لوگوں کی صحت متاثر ہونا شروع ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 2

بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ کورونا وائرس کی وباء کے دوران طبی عملے کو 17 کروڑ روپے کے جعلی اور زائد المیعاد آلات فراہم کیے گئے ہمارے پاس اس حوالے سے ثبوت اور شواہد موجود ہیں انہوں نے سینڈک پراجیکٹ سے متعلق اسمبلی کی قائم کمیٹی پر عدم فعالیت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 15 اکتوبر 2018ء کے اجلاس میں پارلیمانی کمیٹی ہوئی تھی کمیٹی کے اراکین میں اپوزیشن کے تین اور حکومتی بنچوں سے پانچ اراکین کو شامل کیا گیا تاہم ڈیڑھ سال سے زائد کا عرصہ گزرنے کے باوجود اب تک اس کمیٹی کے چیئرمین تک کا انتخاب بھی عمل میں نہیں لایا گیا انہوں نے کہا کہ مذکورہ کمیٹی کا صرف ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں حکومت کی جانب سے صرف میر عارف محمد حسنی شریک ہوئے اس اجلاس میں چیئرمین کے انتخاب کے معاملات طے نہیں ہوسکے اس کے بعد سے اب تک کمیٹی کا کوئی اجلاس منعقد نہیں ہوا۔ انہوں نے سینڈک منصوبے کی لیز میں پندرہ سال کی توسیع پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کن شرائط کی بنیاد پر اس لیز میں توسیع کی گئی ہے اس کا حکومت کو اور نہ ہی اپوزیشن کو علم ہے محکمہ معدنیات کا قلمدان وزیراعلیٰ کے پاس ہے انہوں نے ایک ہاتھ سے سمری خود موو کی اور دوسرے ہاتھ سے خود اس کی منظوری دی انہوں نے کہا کہ لیز میں توسیع سے متعلق محکمہ خزانہ اور لاء ڈیپارٹمنٹ نے اختلافی نوٹ بھی لکھا ہے جس پر ہم انہیں سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینڈک منصوبے کی لیز میں توسیع کا معاملہ اسمبلی میں لایا جائے اور ایوان کو تمام تفصیلات سے آگاہ کیا جائے انہوں نے سینڈک سے متعلق قائم پارلیمانی کمیٹی کی فعالیت کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جلد سے جلد چیئرمین کا انتخاب کرکے کمیٹی کو فعال کیا جائے تاکہ توسیع کے معاملے کو دیکھا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل دو ساحل کوڑیوں کے دام فروخت نہیں ہونے دیں گے۔

شال بقیہ 3

انہیں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی سربراہی میں حکومت بلوچستان کے لئے کام کرتے ہوئے خوشی محسوس ہوئی لیکن بدقسمتی سے موجودہ ماحول عوام کے مفاد میں کام کرنے کے لئے سازگار نہیں ہے اور وہ عوامی مفادات کے لئے کام کرنے سے قاصر تھے انہوں نے کہا کہ وہ عام آدمی کی بنیادی سماجی واقتصادی صورتحال کو بہتر نہیں بنا پا رہے جسکی وجہ سے وہ مستعفی ہو رہے ہیں، سردار زادہ عمیر محمد حسنی نے رابطہ کرنے پر این این آئی کو اپنے مستعفی ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے عوام کی خدمت کرنی چاہی تھی جو وہ ماحول سازگار نہ ہونے کی وجہ سے نہیں کر پا رہے لہذا انہوں نے وزیراعلیٰ کے لائزن اسسٹنٹ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

شال بقیہ 4

قریشی نے اجلاس میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کا منصب سنبھالنے پر شہریار آفریدی کو مبارکباد دی۔ چیئرمین پارلیمانی کشمیر کمیٹی شہریار آفریدی نے اجلاس میں شرکت پر اراکین کمیٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر اور وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کی شرکت پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا، اجلاس کے آغاز میں شہدائے کشمیر کے بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے اجلاس میں ممبران کمیٹی کو مقبوضہ جموں و کشمیر و خطے کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر خارجہ نے بھارت کی جانب سے 5 اگست کو اٹھائے گئے یکطرفہ اقدامات اور اس کے بعد خطے میں امن وامان کو درپیش خطرات اور ان مضمرات سے نمٹنے کیلئے پاکستان کی طرف سے کی جانیوالی کاوشوں پر روشنی ڈالی۔

شال بقیہ 5

تحصیلدار بہادر خان کھوسہ، نرمی بنک کے زونل چیف اکرم شاہانوانی موجود تھے کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی نے صوبائی وزیر ریونیو کو علاقے میں صورتحال اور پٹ فیڈر کینال، کیرتھر کینال میں غیر قانونی واٹر کورسز کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کے متعلق تفصیل سے آگاہی فراہم کی صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم خان کھوسہ نے کہا کہ موجودہ حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی کیونکہ عوام کے دونوں سے سلیکٹ ہونے والی حکومت کو غیر آئینی عمل سے ہرگز ہٹایا نہیں جاسکتا ہم عوام کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ موجودہ عوامی حکومت کو عوام کی مکمل تائید وحمایت حاصل ہے ہم کسی صورت عوام کے فیصلے پر شب خون مارنے نہیں دیں گے انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کی عوام کو ان کے مالکانہ حقوق کی فراہمی کے لیئے کوششیں کی جارہی ہیں ایسی پالیسی مرتب کی جا رہی ہے جس سے نچلا طبقہ براہ راست مستفید ہو سکے کم سے کم نرخوں پر عوام کو اپنے گھروں کا مالک بنانے کے لیئے ہم سے جتنا ہو سکا اپنی بھرپور کوشش جاری رکھیں گے یہ علاقہ ہم سب کا ہے ہمیں یہاں کی عوام کے مسائل اور مشکلات کا بخوبی اندازہ ہے انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ اٹھارہویں ترمیم کو تمام سیاسی جماعتوں نے مل کر پاس کیا گیا جس سے بلوچستان کو سب سے زیادہ فائدہ ہو رہا ہے لہذا اٹھارہویں ترمیم کو نہ چھیڑا جائے تو بہتر فیصلہ ہوگا۔

شال بقیہ 6

حکومت کا کوئی تعلق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد اب صوبے میں تیل و گیس کی آمدنی سے صوبے اور وفاق کو پچاس پچاس فیصد شیئرز ملتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے 2019ء اور 2020ء میں چار ہزار سے زائد کارروائیاں کی ہیں متعدد کیسز ڈرگ کورٹ کو بھیجے گئے ہیں جن میں کچھ کے فیصلے بھی ہوچکے باقی زیر سماعت ہیں۔

شال بقیہ 7

فیصلہ بلوچستان صوبائی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ اور دیگر کی جانب سے پی ایس ڈی پی کے خلاف دائر کی گئی آئینی پٹیشن کی سماعت کے دوران جاری کیا درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا ہے کہ رواں مالی سال کی صوبائی ای ڈی پی میں شامل منصوبے سپریم کورٹ کے انکامات پلاننگ کمیشن کے اصولوں اور بلوچستان ہائی کورٹ کی جانب سے آئینی پٹیشن 426/2016 میں دیے گئے فیصلے کی روح کے منافی ہیں معزز عدالت کی جانب سے تشکیل دی گئی کمیٹی کے اراکین میں صوبائی سیکریٹری خزانہ سیکریٹری قانون سیکریٹری ایپلیکیشن محکمہ پی اینڈ ڈی اور چیف اکنامسٹ محکمہ پی اینڈ شامل ہیں جبکہ درخواست گزار ملک سکندر خان ایڈووکیٹ اور رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر شاہوانی کمیٹی کے سامنے پی ایس ڈی پی پر اپنے اعتراضات پیش کرسکیں گے صوبائی وزیر داخلہ میر زرمرک خان اچکزئی اور میر ظہور احمد بلیدی کو بھی کمیٹی کے سامنے صوبائی حکومت کا موقف پیش کرنے کی اجازت ہوگی کمیٹی کو اپنی معاونت کے لیے کسی بھی محکمے کے افسر کو طلب کرنے کا اختیار حاصل ہوگا معزز عدالت کی جانب سے کمیٹی کو طے کردہ ٹی او آرز کے تحت فوری طور پر کام کے آغاز کی ہدایت کی گئی ہے۔

شال بقیہ 8

کا ٹھوس ثبوت نہ فائدہ لینے سے انکار کردیا ہے جبکہ اس نے بھارت کا جاسوس ہونیکا اعتراف کرلیا ہے۔ اگر آرڈیننس لانے کی ضرورت بھی تھی تو حکومت کو اپوزیشن اور عوام کو بتانا چاہیے تھا، یہ حکومت کا غیر معمولی اقدام ہے، اگر اس قسم کا آرڈیننس ہم لے آتے تو ہمارا جینا حرام کردیا جاتا، اگر ایسا آرڈیننس ہم لے آتے تو دفاع پاکستان کونسل اسلام آباد میں دھرنا دے دیتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں قانون سب کے لیے ایک ہونا چاہیے، خورشید شاہ کے ساتھ ناانصافی ہورہی ہے اور وہ واحد رکن اسمبلی ہیں جن کی ضمانت نہیں ہو رہی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے، سلیکٹڈ وزیراعظم ملک کا وزیر اعظم نہیں ہونا چاہیے، عمران خان پی ٹی آئی اور سوشل میڈیا کے وزیر اعظم ہیں، عمران خان پاکستان کے وزیراعظم بننے کو تیار نہیں، وہ ملک کی قیادت کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے، وہ کہتے ہیں خارجہ پالیسی ان کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

شال بقیہ 9

اجلاس میں پارٹی ضلع ہرنائی، ضلع زیارت کے سینئر عہدیداروں اور سینیٹر ممبران نے شرکت کی صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کے لیئے ترجیحی بنیادوں پر کوشاں ہے، حلقے کے دونوں اضلاع میں صحت، تعلیم، فارم ٹو مارکیٹ سڑکوں کی تعمیر، زراعت کی فروغ، بجلی سے محروم علاقوں کو بجلی اور پینے کے صاف پانی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کیلئے کوشش کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارا اولین ترجیحی عوام کے اجتماعی مفادات کے مسائل کا حل ہے جس کیلئے میں ہر فورم پر کوشاں ہوں انہوں نے کہا کہ کوشش کررہے ہیں کہ گذشتہ تیس سال کا گند صاف کرسکیں، اسی وجہ سے ہمیں مشکلات کا سامنا ہے، ہماری حکومت کوئی بھی ایسا ترقیاتی کام نہیں کررہی جس کا عوام کے بجائے

شال بقیہ 10

محمود کا نام یو این پابندیوں کی فہرست میں شامل کرنا خوش آئند اقدام ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ عائشہ فاروقی کے مطابق پاکستان اقوام متحدہ کی پابندیوں اور قراردادوں پر من وعن عمل کررہا ہے، امید ہے دنیا کے باقی ممالک بھی اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کریں گے۔ ترجمان کے مطابق ٹی ٹی پی پہلے ہی اقوام متحدہ کی کالعدم تنظیم قرار دے چکی ہے، ٹی ٹی پی پاکستان میں متعدد دہشتگرد حملوں کی ذمہ دار ہے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان نے ٹی ٹی پی کو جامع سیکورٹی حکمت عملی کے باعث شکست فاش دی، ٹی ٹی پی پاکستان سے باہر رہ کر تیسرے ملک کے سہولت کاروں کی مدد سے دہشتگردی میں ملوث ہے۔ ترجمان کیم طالبق پاکستان دہشتگردی، مالی معاونت، منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے گا۔

شال بقیہ 11

اور اس کے تناظر میں تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے لوڈشیڈنگ نہیں کی جارہی ہے، اور وفاقی کابینہ کی ہدایت کے مطابق لوڈشیڈنگ نہ ہونے کے برابر ہے او جی ڈی سی ایل سے متعلق عمر ایوب نے بتایا کہ ریجنل آفس حیدر آباد میں 38 افراد کو تعینات کیا گیا ہے جس میں سے 24 کا تعلق حیدر آباد سے ہے اور یوں اس پر مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے 85 افراد کام کررہے ہیں، وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق شیریں مزاری نے ایوان کو بتایا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد بیشتر اس وزارت کے حصص صوبوں کو منتقل ہو چکے ہیں، حکومت نے خواتین اور لڑکیوں کو بااختیار بنانے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں، گھریلو تشدد بل 2020 پروانہ انصرام و تولیت و وراثت بل 2019 خواتین کی جائیداد کے حقوق کا نفاذ 2019 آئی سی ٹی معذور افراد کے حقوق کا بل 2020، تارچ حراتی موت و ریپ، بل 2020 مسیحی شادی و طلاق بل 2020 علاقہ دارالحکومت اسلام آباد و شہری بل 2020 سہلیوں اور میڈیا کا تحفظ بل 2020 پاس کیے ہیں، تشدد کا شکار ہونیوالی خواتین کو مفت قانونی سہولت بھی دی جارہی ہے بچوں کی جبری شادیاں، حقوق نسواں، پیدائش کے اندراج کے عمل اور کام کی جگہ پر جنسی ہراسگی کے مسائل سے متعلق آگہی مہم بھی چلائی گئی ہے۔

شال بقیہ 12

9 سے رات 10 بجے تک کھولنے کا اعلان کردیا، یہ رعایت حکومت کی جانب سے تاجروں کے مطالبات پر 30 جولائی تک دی گئی ہے جبکہ صوبے بھر میں دکانیں اور بازار ہفتے میں 6 دن کھلے رہیں گے جبکہ جمعہ کو صوبے بھر میں لاک ڈاؤن ہوگا۔

شال بقیہ 13

اضافے کیلئے وہاں کے لوکل میڈیا کے ذریعے تشہیر کو یقینی بنائیں، وزارت کامرس کا ملکی تجارت، برآمدات اور معیشت کی بہتری میں کلیدی کردار ہے، مقامی صنعتوں پر ڈیوٹیاں کم کرکے بیرون ملک سرمایہ کاروں کو صنعتیں لگانے کا موقع فراہم کیا جاسکتا، بیرون ملک تعینات کمرشل کونسلرز اور ٹریڈ آفیسرز پاکستانی مصنوعات کی کھپت میں اضافے کیلئے کردار ادا کریں، پاکستان کی ٹیکسٹائل کی صنعت کو فعال بنانے اور برآمدات میں اضافے کیلئے پولیسٹر کو ڈیوٹی فری بنایا جائے گا۔ جمعہ کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کامرس کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر مرزا محمد آفریدی کی صدارت میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں بیرون ملک قائم سفارتخانوں اور مشنز میں تعینات کمرشل کونسلرز اور ٹریڈ آفیسرز کی کارکردگی سے متعلق 14 جنوری 2020 کو سینیٹ کے اجلاس کے دوران سینیٹر نعمان وزیر خٹک کی جانب سے اٹھائے گئے

شال بقیہ 14

سیکشن 124 اے فرسودہ قانون ہے، بل کی سیکشن 124 اے شہریوں کی آزادی کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتیں 124 اے کو شہریوں۔ طالب علموں اور مزدوروں کی نقل و حرکت روکنے کے لئے استعمال کرتی ہیں، یہ کھلیل چھوڑ دینا چاہیے کہ ریاست خطرے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اشرافیہ عوام کو دبانے کے لئے ریاست خطرے میں ہے کا لفظ استعمال کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین اور قانون کی حکمرانی سے گریز کرنے سے ریاست خطرے میں ہوتی ہے۔ کمیٹی نے بل کی منظوری آئندہ اجلاس تک موخر کردی۔ رحمن ملک نے کہا کہ آئندہ اجلاس میں وزیر قانون اور سیکرٹری قانون اجلاس میں شرکت کو یقینی بنائیں۔ سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ صوبوں کے عوم سیکٹریز بھی اجلاس میں شریک ہوں۔ سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ سینیٹر رضا ربانی کے بل پر بحث کے دوران سیکرٹری قانون کی غیر حاضری پر انہیں معطل کرسکتا ہوں۔ سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ سیکرٹری قانون کمیٹی کی طرف سے اظہار ناپسندیدگی کا پیغام دے دیا جائے۔

شال بقیہ 15

ڈائریکٹر میجر جنرل ڈاکٹر عامر اکرام نے تقریب میں شرکت کی۔ سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے کہا کہ دستاویزات کا مقصد لائف سائنسز کو ذمہ دارانہ ضابطہ اخلاق اور رہنما اصول وہدایات فراہم کرنا ہے۔ سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے کہا کہ پاکستان نے جینیاتی مواد سے متعلق عالمی ذمہ داریوں اور قانون سازی کے تقاضے پورے کردیے، رہنما اصولوں اور ضابطہ اخلاق سے اب پاکستان میں جینیاتی مواد سے متعلق عالمی معیار کی باضابطہ حدود وقیود طے ہوگئی ہیں۔ سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے کہا کہ بائیولوجیکل ہتھیاروں کی کنونشن (بی۔ڈبلیو۔سی) کے فریق کے طور پر پاکستان بہترین سائنسی تحقیق کو پروان چڑھانا چاہتا ہے، سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے کہا کہ پاکستان پرامن مقاصد کے لئے حیاتیاتی شعبے میں عالمی تعاون اور تحقیق کے فروغ کا خواہاں ہے۔ سیکرٹری خارجہ سہیل محمود نے کہا کہ انٹرایجنسی ٹاسک فورس برائے بائیو سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی ریگولیشن کی صدارت وزارت خارجہ کے پاس ہے۔

شال بقیہ 16

سیاستدانوں اور بیوروکریٹس سمیت طاقتور اور بااثر لوگوں کا مافیا نہیں چاہتی تھی کی میرٹ کی بجائے من پسند لوگوں کو بھرتی کیا جائے جس پر وہ گزشتہ ایک سال سے کامیاب امیدواروں کی تعیناتی میں رکاوٹیں ڈال رہے تھے لیکن عدالت عالیہ نے حق کا بول بالا کرتے ہوئے انصاف پر مبنی فیصلہ دیا ہے جس سے صوبے کے باصلاحیت اور پڑھے لکھے نوجوانوں کے حوصلے بلند ہوئے ہیں اور انکا یقین مزید پختہ ہوگیا ہے کہ وہ کہ محنت میں عظمت ہے اور یہ کوئی ضائع نہیں جاتی ہے جبکہ بلوچستان کے اصل سیاسی حلقوں نے بھی بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار صوبے کی تاریخ میں پڑھے لکھے باصلاحیت اور تعلیم کے شعبہ میں کچھ کرنے کا عزم لیئے ہوئے نوجوان اساتذہ بھرتی ہوئے ہیں جس بلوچستان کے تعلیمی نظام میں تبدیلی ممکن ہے انہوں نے کہا کہ ٹیسٹنگ سروس کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تمام رکاوٹوں کو مسترد کرتے ہوئے میرٹ پر نتائج مرتب کیئے جو ایک قابل تحسین اقدام ہے کیونکہ بلوچستان کو خوشحالی وترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اسطرح کے انقلابی اقدامات کی ضرورت ہے یہ اقدام صوبے کے تعلیمی میدان میں تبدیلی کی علامت ہے جسکا ہم خیر مقدم کرتے ہیں۔

شال بقیہ 17

خان چیف کنزرویٹر فاریسٹ نارتھ عبدالجبار، چیف کنزرویٹر فاریسٹ ساؤتھ ذکم علی بی ڈی فاریسٹ علی عمران، پی ڈی والڈ لائف بلوچستان نیاز خان کاکڑ، ڈپٹی کنزرویٹر کوئٹہ فواد صدیقی و دیگر نے بھی پودا لگا کر شجرکاری کی جس کے بعد پورے صوبے بلوچستان میں علاقائی اور ضلعی سطح پر شجرکاری مہم شروع کی جائیگی سیکرٹری فاریسٹ اینڈ والڈ لائف بلوچستان نے واضح کیا کہ ماحولیاتی تغیرات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں جس کے اثرات عیاں ہوچکیں ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اب ہم سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اپنے آنے والی نسلوں کے لئے بالخصوص کوئٹہ اور پورے پاکستان کیلئے بالعموم انتظامی اقدامات اٹھائے جائے جس میں بوڑھے بچے، خواتین، علماء کرام، دانشور اور صحافی نیز ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد اپنا حصہ ڈالیں۔ بعدازاں ڈاکٹر محمد سعید جمال نے میاں فنڈی تفریح پارک کے دورے کے موقع پر پودا لگا کر شجرکاری کی اور پارک میں جاری کام کا معائنہ بھی کیا۔

شال بقیہ 18

کے دوران کئی۔ ٹیلیکٹر سنٹر نے اسمیں ایمین ڈوئیلٹ ویگ کی جانب سے چمن میں جاری ITTMS پروجیکٹ کے حوالے سے آگہی دی۔ اس پروجیکٹ سے علاقے میں درآمدات اور برآمدات میں جدید طریقوں سے کاروبار کا اہم اینگ کیا جائے گا۔ پاکستانی گورنمنٹ برادر ہمسایہ ملک ایران کے ساتھ تفتان بارڈر پر بھی اسی قسم کے پروجیکٹ کے آغاز کرنے کا خواہش مند ہے۔ تاکہ پاک ایران بارڈر پر بھی درآمدات اور برآمدات کو مزید وسعت اور جدت دی جائے۔ پاکستان گورنمنٹ نے وائٹ سپیریٹ درامدات کے حوالے سے بھی ایرانی گورنمنٹ کو اپنے خدشات اور تحفظات سے آگاہ کیا گیا اور درخواست کی کہ وائٹ سپریٹ کی چیکنگ اور سیکورٹی کے اسٹینڈرڈ کا خاص خیال رکھا جائے۔

شال بقیہ 19

سنجرانی، بزنج قبائل کے میر محمد جان بزنج، حاجی محمد اسماعیل بزنج، ماسٹر عبدالمنان بزنج، حاجی محمد داؤد بزنج، محمد اسحاق بزنج، علی آحمد بزنج، حاجی سرور بزنج، حاجی ولی خان بزنج، حاجی موسیٰ خان بزنج، ملا محمد حسین بزنج، لالا نیک محمد بزنج، لالہ رمضان بزنج، محمد خیر بزنج، شیر محمد بزنج، محمد زمان بزنج، عبدالواجد بزنج، یونس بزنج، غلام دستگیر بزنج، امان اللہ بزنج، ناصر بزنج سمیت سینکڑوں افراد نے شرکت کی، امیر حاجی عبدالغنی بزنج نے کہا کہ یہ غیر سیاسی پروگرام ہے سنجرانی اور بزنج قبائل کا آپس میں گہرا اور پرانا رشتہ ہے ہم اتحاد واتفاق کے خواہاں ہیں میر مدد خان بزنج ہمارے قوم کے بزرگ اور سرپرست اعلیٰ ہیں بہت ہی جلد میر مدد خان بزنج کی سربراہی میں بزنج قبائل کا گرینڈ جرگہ منعقد ہوگا جس میں کوئٹہ اور رخشان ڈویژن سے ہزاروں افراد شریک ہوں گے۔

شال بقیہ 20

سے بڑھنے لگی کورونا وائرس کے تیزی سے پھیلنے کی وجہ یہ ہے کہ لوگ اس بیماری کو سنجیدہ نہیں لے رہے ضلع لسبیلہ ایک تو کراچی سے منسلک ہے اور کوئٹہ کے علاوہ اندرون بلوچستان، سندھ اور پنجاب سے بھی آزادانہ طور پر لسبیلہ کے مختلف شہروں میں لوگوں کا آنا جانا لگا رہتا ہے، اکثر لوگوں کو کورونا وائرس کا پتہ ہی نہیں چلتا اگر چلتا ہے تو وہ سنجیدہ نہیں لیتے جس کی وجہ سے وائرس پھیلتا رہتا ہے اور جب مریض زیادہ سیریس ہوجاتے ہیں تو وہ کراچی کی ہسپتالوں میں علاج کراتے ہیں جس کی وجہ سے وہ کیس کراچی میں ظاہر کئے جاتے ہیں، جب کہ انتظامیہ حکومتی ایس او پیز پر عمل عملدرآمد کرانے میں ناکام ہے، بیشتر دکاندار، ہوٹل مالکان اور سبزی فروش، دیگر کاروباری حضرات نہ تو ماسک کا استعمال کرتے ہیں نہ ہی کا پک اور نہ ہی سماجی فاصلے کا خیال رکھا جاتا ہے، عام شہری ماسک پہنے کم ہی نظر آتے ہیں جو ماسک پہنتے ہیں لوگ انہیں عجیب نظروں سے دیکھتے ہیں۔

شال بقیہ 21

لاکھ حملے کا اعلان کر چکی، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے 80 فیصد پرائیویٹ اسکول کرائے کی عمارتوں میں قائم ہیں جن میں 8 لاکھ طلبا وطالبات زیر تعلیم جبکہ 50 ہزار اساتذہ کام کرتے ہیں یہ ادارے موسم سرما کی تعطیلات کی وجہ سے گزشتہ سال دسمبر سے بند ہیں جبکہ پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا میں ہر سال 15 اگست تک تعلیمی اداروں میں موسم گرما کی تعطیلات ہوتی ہیں بلوچستان کے تعلیمی ادارے 9 ماہ سے بند ہیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مارکیٹیں، ہوٹل، ائرپورٹ سمیت تمام کاروبار کھول دیئے گئے ہیں لیکن تعلیمی ادارے تاحال بند ہیں دوسری جانب بلوچستان میں آن لائن کلاسوں کا نظام یہاں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور انٹرنیٹ کی عدم دستیابی کی وجہ سے ناکام ہے یہ اقدام بلوچستان کو دانستہ طور پر پسماندگی کی طرف لیکر جارہا ہے، پہلے بھی بلوچستان میں خواندگی کی شرح کم تھی اور اب 21 ویں صدی میں اسے مزید پسماندہ کیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 22

نذیر احمد بلوچ، انفارمیشن سیکرٹری ایم این اے آغا حسن بلوچ، مرکزی خاص سیکریٹری و صوبائی پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، کسان مالی گیر سیکریٹری ڈاکٹر عزیز بلوچ، خواتین سیکریٹری ایم پی اے زینت شاہوانی، پروفیشنل سیکریٹری ڈاکٹر عبدالغفور بلوچ، ویومن رائٹس موسیٰ بلوچ، پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے اراکین نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، میر عبدالرؤف مینگل، غلام نبی مری، ساجد ترین ایڈووکیٹ، واجہ جہانزیب بلوچ، سردار نصیر احمد موسیانی، میر خورشید احمد جمالدینی، ملک عبدالرحمن خواجہ خیل، ایم پی اے اختر حسین لانگو، حاجی غلام حسین ساسولی، حمید ساجنا، میر نذیر احمد کھوسہ، چیئرمین جاوید بلوچ، میر محمد اسماعیل بیچ کزائی، ایم پی اے میر حمل گشکی، نوابزادہ اورنگزیب جوگیزئی، میر یعقوب بلوچ، میر ہمایوں عزیز کرد، حاجی زاہد حسین بلوچ، سردار حق نواز بزدار، ڈاکٹر عزیز بلوچ، حاجی وزیر خان مینگل، حاجی میر بہادر خان مینگل، میر حمل بلوچ، ایم این اے حاجی میر محمد ہاشم نوتیزئی، قاری اختر شاہ کھرل، بہار جمیل دشتی، ڈاکٹر قدوس بلوچ، ایم پی اے میر اکبر مینگل، ایم پی اے ثناء بلوچ، حاجی میر عبدالغفور مینگل، میر قاسم روجو، میر مراد مینگل، میر جمال لانگو، جمیلہ بلوچ، راشدہ ہارون، ایم پی اے شکیلہ نوید دیوار، امبر زہری، فوزیہ بلوچ، شاہیلہ اسماعیل، منورہ سلطان، ثانیہ حسن کشانی، شمیم بلوچ، ایم این اے ڈاکٹر شہناز نصیر بلوچ، طاہرہ احساس، ایم پی احمد نواز بلوچ، ایم پی اے جانس جانسن، (اوورسیز) سی سی اراکین واجہ فقیر محمد بلوچ، میر محمد اکرم سیاپاد، صلاح الدین مینگل، اور ظہور بلوچ نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں سٹیمن سول ہسپتال کوئٹہ کیا یڈ منسٹریٹو آفیسر عبدالقادر سانگزئی کے والد محترم استاد رحیم بخش سانگزئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے۔

شال بقیہ 23

اقتدار کی لے رکھا ہے۔ حکومت نے بچوں کی گھریلو ملازمت پر پابندی کا فیصلہ کرلیا اور اس حوالے سے شیریں مزاری نے سینیٹ کو آگاہ کردیا انہوں نے کہا کہ کابینہ نے اس بل سے متعلق منظوری دیدی ہے۔

شال بقیہ 24

نزد سنڈیمن گوٹھ کے قریب کل کی لرزہ خیز واردات میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا۔ اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او بیلہ محمد جان ساسولی پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر نعش کو سول ہسپتال بیلہ منتقل کیا۔ جہاں نعش کی شناخت علی بخش ولد عبدالجلیل قوم موندرہ سکنہ موندرہ گوٹھ بیلہ کے نام سے ہوئی ہے پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارجارہے ہیں اب تک چھ افراد کو گرفتار کرلیا ہے ایس ایچ او بیلہ محمد جان ساسولی کا کہنا ہے کہ واقع میں دیگر جو افراد ملوث ہونگے انہیں بھی جلد گرفتار کیا جائے گا بیلہ کا امن کسی کو خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

شال بقیہ 25

سے کم ہے، پیٹرولیم مصنوعات پر 17 فیصد ٹیکس لے رہے ہیں، سپلائی کی مد میں 9 روپے 70 پیسے وصول کئے جارہے ہیں، پیٹرول پر 47 روپے 86 پیسے اور ڈیزل پر 51 روپے 41 پیسے فی لیٹر ٹیکس وصول کر رہے ہیں، اگر حکومت ٹیکس وصول نہیں کرے گی تو سینیٹ کی لائبریری اور ارکان کی تنخواہ کا خرچہ کون دے گا۔

شال بقیہ 26

کمیٹیوں نے میر اعجاز خان سنجرانی اور کیسکو حکام سے ٹرانسفارمر کی مرمت کی اپیل کیا تھا جہاں ایکسین کفایت اللہ شاہ نے خراب ٹرانسفارمر کا جائزہ بھی لیا تھا اور فوری اسے کوئٹہ ورکشاپ پہنچادیا، وزیراعلیٰ بلوچستان کے سابق معاون خصوصی میر اعجاز خان سنجرانی کی کاوشوں سے نیا ٹرانسفارمر فراہم کرکے جسے آج ایل ایس علی احمد ریکی، میر شاہ نواز رئیسانی، اور تخریب نے نصب کرکے علاقے میں بجلی بحال کردیا عوامی حلقوں اور صارفین نے میر اعجاز خان سنجرانی، کیسکو حکام کا شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے ایک اہم عوامی مسائل پہ فوری نوٹس لیکر شدید گرمی میں بجلی بحال کرکے صارفین کی مشکلات میں کمی لائی۔

شال بقیہ 27

کے خلاف کارروائی 15 ملزمان گرفتار لاکھوں روپے کے چیک برآمد، ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے شفیق احمد شاہوانی کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے بلوچستان خلیل احمد درانی کی ہدایت پر ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کوئٹہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں حوالہ اور ہنڈی کے کاروبار کے 15 مراکز پر چھاپہ مار کر 15 ملزمان کو گرفتار کرلیا اور انکے قبضے سے حوالہ اور ہنڈی کے کاروبار میں استعمال ہونے والے لا

پاکستان کو سرسبز وگرین بنانے کیلئے ہم سب نے مل کر اپنا حصہ ڈالنا ہے' یاسر بازئی

شجرکاری مہم اور پودوں کی حفاظت کیلئے عوام میں شعور وآگہی میڈیا کے نمائندے بہتر انداز سے کرسکتے ہے

شہری وضلعی آفیسران شجرکاری مہم میں حصہ لے کر اپنا قومی فریضہ ادا کریں' ڈپٹی کمشنر سبی

تحریک نوجوان کے چیئرمین عبداللہ گل سے مری گلی ہوں میں حبیب الرحمن خانیانی چکوٹی، عزیز الرحمن خانیانی چکوٹی اور عتیق اللہ کاکی ملاقات کررہے ہیں

سبی (ن ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا ہے سرسبز ماحول ہماری بقاء کیلئے ناگزیر ہے پاکستان کو سرسبز وگرین بنانے کیلئے ہم سب نے مل کر اپنا حصہ ڈالنا ہے سبی میں مون سون شجرکاری و پلانٹ فار پاکستان ڈے مہم کو کامیاب بنانے کیلئے عوام بھرپور حصہ لیں شجرکاری مہم اور پودوں کی حفاظت کیلئے عوام میں شعور وآگہی میڈیا کے نمائندے بہتر انداز سے کرسکتے ہے شہری وضلعی آفیسران شجرکاری مہم میں حصہ لے کر اپنا قومی فریضہ ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر آفس سبی میں مون سون شجرکاری و پلانٹ فار پاکستان ڈے کی مناسبت سے سبی میں پودا لگا کر باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر سابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سبی میر رحمت اللہ گشکوری، ناظم جنگلات سبی ڈویژن زاہد خان رند، محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے ڈویژنل فارسٹ آفیسر سبی خلیل الرحمن بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

22 جولائی کو لوکل بس اور رکشہ یونین مشترکہ دھرنا وجلسہ عام منعقد کرے گا

رکشوں کی ریجلیسٹ پالیسی کے برعکس تمام غیر قانونی اقدامات کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے

موجودہ بھتہ خور سیکریٹری آر ٹی اے کے کیے گئے غیر قانونی اقدامات کو کسی بھی صورت قبول نہیں کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) آل کوئٹہ رکشہ اتحاد یونین اور لوکل بس اونرز ایسوسی ایشن کوئٹہ کے مرکزی رہنماؤں کا ایک اہم مشترکہ اجلاس میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں دونوں یونینوں کے رہنماؤں نے بھاری اکثریت سے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکریٹری آر ٹی اے کے موجودہ بدعنوانی بھتہ خوری غیر قانونی وغیر اخلاقی اقدامات رکشوں کے ریجلیسٹ پالیسی کے برعکس بھاری رشوت کے عوض ریجلیسٹ کے دوران ناکارہ رکشوں کو اسکریپ کرنے کے بجائے چند ایجنٹوں کو دوبارہ الاٹی بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

جامعہ بلوچستان کی طرف سے زبانی امتحانات کا اعلان کسی مذاق سے کم نہیں' بی این پی

بغیر کسی میکنزم کے بلوچستان کے طلباء وطالبات پر من مانے فیصلے مسلط کرنا ان کے مستقبل کے ساتھ سنگین مذاق کے سوا کچھ بھی نہیں

بلوچستان کے تعلیم کے حوالے سے درپیش مسائل کے حل کیلئے حکومت وقت سنجیدہ نہیں ہے' میر غلام نبی مری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر میر غلام نبی مری نے صوبے میں زبانی امتحانات کے اعلان کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جامعہ بلوچستان کی طرف سے زبانی امتحانات کا اعلان کسی مذاق سے کم نہیں، وسائل اور سہولیات کے فقدان کے باعث طلباء وطالبات آن لائن کلاسز سے محروم ہیں جبکہ یونیورسٹیاں حقائق جاننے کے باوجود ایسے فیصلے طلباء وطالبات پر مسلط کررہے ہیں جو قابل عمل بھی نہیں ہے ...اپنے جاری کردہ بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید مینگل سے سابق میئر کوئٹہ رحم کاکڑ ودیگر ملاقات کررہے ہیں

بغیر سہولیات کے آن لائن کلاسز ادھورا سسٹم ہے جسے ہم مسترد کرتے ہیں' فضل الرحمن رحمانی

بلوچستان کے اکثر اضلاع میں سروس نہیں ہے مگر پھر بھی طلباء سے فیس وصول کرنا کسی جبر سے کم نہیں

مستگنج (نامہ نگار) بغیر سہولیات کے آن لائن کلاسز ادھورا سسٹم ہے جسے ہم مسترد کرتے ہیں جبکہ بلوچستان کے اکثر اضلاع میں سروس نہیں ہے مگر پھر بھی طلباء سے فیس وصول کرنا کسی جبر سے کم نہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی صدر فضل الرحمن رحمانی ضلع قلات کے صدر اسرار اللہ ساسولی سینئر نائب صدر حافظ غلام صادق بلنگ اپنی جنرل سیکرٹری نثار احمد بیچاری حافظ صلی اللہ بلنگ نعمان احمد افتخار احمد محمد زرین مینگل ودیگر نے احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں آن لائن کلاسیز کی اجرہ ناممکن ہے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں سہولیات میسر نہیں بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

لاکھڑا میں سیلابی ریلے کا راج، کئی ایکڑ اراضی سیلاب کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ گئے

فصلیں تباہ ہوگئیں، کئی سڑکیں ٹوٹ گئیں۔ عوام کا شہر سے راستہ منقطع

اوتھل (نامہ نگار) لاکھڑا میں سیلابی ریلے کا راج، کئی ایکڑ اراضی سیلاب کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ گئے۔ فصلیں تباہ ہوگئیں، کئی سڑکیں ٹوٹ گئیں۔ عوام کا شہر سے راستہ منقطع۔ تفصیلات کے مطابق پورالی ندی سے سیلابی ریلا آنے کی وجہ سے لوگوں کو شدید نقصان کا سامنا ہے۔ کئی ایکڑ اراضی ٹوٹ پھوٹ کا شکار، فصلیں تباہ ہوگئیں جبکہ لاکھڑا کے مختلف علاقوں میں سڑکیں ٹوٹ جانے کی وجہ سے لاکھڑا کی عوام کا شہر سے راستہ منقطع ہوگیا ہے جس سے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ ومحکمہ بی این آر خواب خرگوش میں مبتلا ہیں۔ لاکھڑا کے غریب زمینداران وعلاقہ مکینوں کا کوئی پرسان حال بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

سبی، ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی، میر محمد زابد رند، خلیل الرحمن کھوسہ، میر رحمت اللہ گشکوری اور طاہر بشیر کمشنر آفس میں پودے لگا کر شجرکاری مہم آغاز کررہے ہیں

نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری خیر بخش رخوانی شاہ بلوچ ودیگر آج منگچی دورے پر خاران پہنچے گے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان کے مطابق نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری خیر بخش صوبائی یوتھ سیکرٹری رخوانی شاہ بلوچ ودیگر آج بروز ہفتہ منگچی دورے پر خاران بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس ویکسین تیار کرنے میں کامیابی حاصل کرلی، آکسفورڈ محققین

ویکسین ٹیم بالکل ٹریک پر ہے، کوئی بھی حتمی تاریخ نہیں رکھ سکتا، حکام کی گفتگو

کراچی (این این آئی) آکسفورڈ یونیورسٹی کے محققین کو یقین ہے کہ انہوں نے کورونا وائرس ویکسین تیار کرنے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ رپورٹ کے مطابق انسانی آزمائشوں نے امید افزا نتائج ظاہر کئے ہیں جیسا کہ آکسفورڈ ٹیم کو معلوم ہوا کہ ان کا انجکشن وائرس کے خلاف ڈبل بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

محکمہ زرنگرانی جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے' اکبر لاشاری

ترقیاتی منصوبوں کی کھڑی نگرانی کی جارہی ہیں غفلت برتنے پر ذمہ انجینئرز اور کنٹریکٹر کے خلاف سخت کارروائی ہوگی

ترقیاتی منصوبوں میں کسی بھی قسم کی غفلت لاپرواہی ناقابل برداشت ہے بلکہ انکے خلاف سخت ایکشن ہوگا' چیئرمین بی ڈی اے

برنائی (آن لائن) بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی بی ڈی اے کے چیئرمین اکبر لاشاری نے کہا ہے کہ محکمہ زیر نگرانی جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے ان منصوبوں کی نگرانی کی جارہی ہیں غفلت برتنے پر ذمہ انجینئرز اور کنٹریکٹر کے خلاف سخت کارروائی ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ برنائی کے دوران رکن صوبائی اسمبلی محترمہ لیلیٰ ترین کی جانب سے منظور کردہ وزیر تعمیر ہائی پاس روڈ کا معائنہ بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

ممتاز سیاستدان قبائلی مشر وطن خان گران سے قاری عبدالستار مولوی بسم اللہ خادم علی رحمت اللہ ملاقات کررہے ہیں

ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے نااہل حکمرانوں کا مستعفی ہونا ضروری ہے' مولانا محمد یعقوب

عوام نے تبدیلی کے نام پر ووٹ دیا تھا لیکن لوگوں کو رسوائی اور مایوسی کے علاوہ کچھ نہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع مستگنج کے امیر مولانا سید ارشد شاہ جنرل سیکرٹری مولانا محمد یعقوب، سینئر نائب امیر مولانا عبدالصمد شاہوانی، مولانا تاثیر احمد انگوری، مولانا حافظ محمد یوسف اور مولانا عبدالکریم بنوتی نے کہا کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے نااہل حکمرانوں کا مستعفی ہونا ضروری ہے عوام نے تبدیلی کے نام پر ووٹ دیا تھا لیکن لوگوں کو رسوائی اور مایوسی کے علاوہ کچھ نہیں ملا حکومت مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اگر نااہل حکومت کو مزید مہلت دی گئی تو ملک کیلئے خطرناک بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

ہم پشتون قوم کے حقوق پر کسی صورت سودے بازی نہیں کرسکتے' عبیداللہ بابت

امتیازی رویئے کی وجہ سے پشتون قوم کو انسان ہی تسلیم نہیں کیا جارہا

دکی (آن لائن) سابق صوبائی وزیر اور پی کے میپ کے رہنماء عبیداللہ بابت نے کہا ہے کہ ہم پشتون قوم کے حقوق پر کسی صورت سودے بازی نہیں کرسکتے وزارتوں کے لئے ہم بکنے والے نہیں کوئی ہم سے یہ توقع نہ کریں کہ ہم اپنا وطن کی سودے بازی کے لئے انہیں انگوٹھے لگوا کر اپنا سر بیچیں گے اور انہیں ہم تسلیم کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرحوم سردار درمحمد ناصر کے دم بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے اور شجرکاری مہم کا نعرہ ہر بشر دو شجر ہے، محمد وسیم

جنگلات کی کمی کے باعث بارش کی کمی اور ماحولیاتی آلودگی کے مسائل درپیش ہیں

گوادر (ن ن) ڈپٹی کمشنر گوادر کیپٹن (ر) محمد وسیم کی خصوصی ہدایت پر محکمہ جنگلات گوادر کے ڈپٹی کنزرویٹر یار محمد دشتی اور اسسٹنٹ کمشنر گوادر اطہر عباس راجہ نے ڈپٹی کمشنر ہاؤس کے احاطے میں پودا لگا کر پلانٹ فار پاکستان ڈے شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کنزرویٹر نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مہم کے دوران ضلع بھر میں دس ہزار سے زائد پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جن میں سے 5000 میٹکرور بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر قربان علی مگسی کا اچانک زیر تعمیر ڈویژنل فاریسٹ آفس کا دورہ

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر قربان علی مگسی نے اچانک زیر تعمیر ڈویژنل فاریسٹ آفس کا دورہ کیا۔ انہوں نے ناقص میٹریل استعمال کرنے پر برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ کام میں استعمال ہونے والی اینٹوں کا معیار کمزور ہے۔ انہوں نے ٹھیکیدار کے ساتھ ساتھ Ex.EN C&W کو بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

ایکویکشن کے پلاٹ پر کسی کو قبضہ کرنے نہیں دیں گے' احمد خان رونجھو

جعلی رجسٹریشن کرنے اور کرانے والوں کے خلاف مقدمہ درج کرائیں گے

اوتھل (نامہ نگار) ایکویکشن کے پلاٹ پر کسی کو قبضہ کرنے نہیں دیں گے جعلی رجسٹریشن کرنے اور کرانے والوں کے خلاف مقدمہ درج کرائیں گے، ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ نیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے سابق جنرل سیکریٹری احمد خان رونجھو نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

ہرنائی سٹی اور مختلف دیہات سیلاب کی زد میں ہے' محمد یاسین ترین

حکومت نے فنڈز منظور کیا گیا ہے لیکن ابتک حفاظتی بند کی تعمیر ومرمت کا کام شروع نہیں کیا گیا

ہرنائی (آن لائن) پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد یاسین ترین جنرل سیکرٹری ملک ثمین گل خان ترین صوبائی رہنماء حاجی نور محمد ترین، پیپلز یوتھ کے ضلعی صدر قدیر ملازئی، جنرل سیکرٹری خدائیداد ترین، سیکرٹری اطلاعات حفیظ اللہ ترین، پیپلز لیبر بیرو کے ضلعی صدر محمد ولی خدرانی نے بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

رکن صوبائی اسمبلی محسن شکیل سابق رکن قومی اسمبلی سید عبدالقادر گیلانی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون خصوصی ملک عامل بازئی بات چیت کررہے ہیں

وفاقی اور صوبائی حکومت اتحادیوں کو منانے کی چکر میں قانون سازی بھول گیا ہے' مبارک خان محمد حسنی

وفاقی اور جام حکومت دو سال میں ایک ترمیمی بل پاس کرنہ سکے ہیں جسکی ناکامی کا ثبوت ہے

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی معاون کنوینر میر مبارک خان محمد حسنی ضلعی امیر قلات مولانا شاہ محمد ضلعی امیر گوادر شیر جان صالح، ضلعی امیر خضدار مولانا عبدالغفور کرخی، ضلعی امیر لوشکی مفتی خدائرحمن ریکی ضلع مستونگ سیکرٹری جنرل قاضی غلام رسول امیر داہلدین خیر محمد نے ایک اخباری بیان میں کہا کہ موجودہ حکومت بلوچستان ناکامیوں کو چھپانے کی خاطر وفاقی اتحادیوں وزیروں اور مشیروں کو خوش کرنے کی غرض سے بلدیاتی الیکشن عرصہ دو سال سے کرنے میں ناکام بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

اوتھل میں 150 ایکڑ اور حب ڈیم میں 150 ایکڑ زمین پر ایک لاکھ پودے لگائے جائیں گے' مقبول حسن دشتی

افتتاحی تقریب کے روز 4 ہزار پودے لگا کر اس سونامی پروجیکٹ کا افتتاح کردیا ہے اور یہ درخت لگانا مہم 18 اگست تک جاری رہے گی

اوتھل (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں محکمہ جنگلات اور وائلڈ لائف کی جانب سے پلانٹ فار پاکستان ڈے کے موقع پر حکومت بلوچستان کے سونامی پروجیکٹ کے تحت درخت لگانا ملک سنوار و مہم کا آغاز کیا گیا جس کا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) لسبیلہ ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ نے پودا لگا کر باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے اور بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

زمین کے تنازع پر تصادم فائرنگ سے 9 افراد زخمی ہوگئے

مستگنج (نامہ نگار) زمین کے تنازع پر تصادم فائرنگ سے 9 افراد زخمی ہوگئے مستگنج جوہان گراس کے نزدیک زمین کے تنازع پر محمد شہی قبیلے کے دو گروہوں میں تنازع تصادم کی شکل اختیار کرگئی فائرنگ سے 9 افراد زخمی ہوگئے لیویز بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

پاک افغان چمن بارڈر فوری طور پر کھولا جائے عوام کو احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے' مشر وطن خان گران

کوئٹہ (پ ر) ممتاز سیاستدان قبائلی مشر وطن خان گران نے مطالبہ کیا ہے کہ پاک افغان چمن بارڈر فوری طور پر کھولا جائے عوام کو احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائشگاہ پر چمن سے آئے ہوئے بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

بیلہ میں ذاتی دشمنی کی بناء پر ایک شخص قتل، پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے شامل تفتیش کردیا

اوتھل (نامہ نگار) بیلہ میں ذاتی دشمنی کی بناء پر ایک شخص قتل، پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے شامل تفتیش کردیا دیگر ملزمان فرار، پولیس نے قتل کا مقدمہ درج کرکے فرار ملزمان کی تلاش شروع کردی تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کی تحصیل بیلہ میں گزشتہ روز روانی روڈ نزد سٹیمن بیلہ کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے علی بخش ولد عبدالجلیل موندرہ کو قتل کردیا اور ملزمان موقع واردات سے فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی بیلہ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور فوری طور پر نعش کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بیلہ بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

ضلع زیارت میں ایک ہزار اور مون سون شجرکاری مہم میں آٹھ ہزار درخت لگائیں جائیں گے' مہراللہ بادینی

درخت لگانے کے ساتھ درختوں کی آبیاری بھی ضروری ہے، درخت زمین کا زیور ہیں

زیارت (ن ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سمیع اللہ کاکڑ، ڈپٹی کنزرویٹر فاریسٹ حسیب کاکڑ، رینج فاریسٹ افسر نصیب اللہ کاکڑ نے پودا لگا کر پلانٹ فار پاکستان ڈے کے موقع پر مون سون شجرکاری کا باقاعدہ افتتاح کیا پلانٹ فار پاکستان ڈے کے موقع پر ضلع زیارت میں ایک ہزار اور مون سون شجرکاری مہم میں آٹھ ہزار درخت لگائیں جائیں گے۔

جعلی ادویات بنانا، بیچنا تجارت نہیں انسانیت سے عداوت ہے' محمد جمیل گوندل

منشیات کی لعنت اور نحوست ہمارے نوجوانوں اور بالخصوص طلبہ وطالبات کیلئے زہر قاتل ہے

لاہور (پ ر) انٹرنیشنل یوتھ رائٹس موومنٹ نیویارک کے صدر محمد جمیل گوندل نے کہا ہے کہ جعلی ادویات سمیت منشیات بنانا اور بیچنا منفعت بخش تجارت نہیں بلکہ انسانیت سے عداوت ہے۔ منشیات کی لعنت اور نحوست ہمارے نوجوانوں اور بالخصوص طلبہ وطالبات کیلئے زہر قاتل ہے۔ منشیات فروش عناصر ہر معاشرے کیلئے بوجھ ہیں، ان کا صفایا ناگزیر ہے۔ زر پرست انسانوں کو معاشروں بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

بی اے پی کو بہت جلد یونٹ سطح تک فعال بنایا جائے گا' میر اعجاز خان سنجرانی

ہمارا منشور تعلیم، صحت، آبنوشی، بے روزگاری، اقلیت اور بلوچستان کے لوگوں کی بنیادی حقوق کیلئے آواز بلند کرنا ہے

چاغی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی رخشان ڈویژن کے آرگنائزر وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا بی اے پی کو بہت جلد یونٹ سطح تک فعال بنایا جائے گا ہمارا منشور تعلیم، صحت، آبنوشی، بے روزگاری، اقلیت اور بلوچستان کے لوگوں کی بنیادی حقوق کیلئے آواز بلند کرنا ہے۔ انشاء مزید کہتا تھا کسی بھی قوم کا ترقی تعلیم کے بغیر ناگزیر ہے۔

اتحادی پارٹیاں وزیراعظم اور نظام کے ساتھ کھڑی ہیں' سرفراز نیازی

عوام منتخب حکومت اور جمہوریت پر وار کرنیوالے عناصر کیخلاف شدید مزاحمت کریں گے

لاہور (پ ر) پاکستان تحریک انصاف سعودی عرب کے ممتاز رہنماء سرفراز خان نیازی نے کہا ہے کہ اتحادی پارٹیاں پاکستانیوں کے محبوب اور منتخب وزیراعظم عمران خان اور جمہوری نظام کے ساتھ کھڑی ہیں۔ مایوس اور منتشر اپوزیشن قوم کے مینڈیٹ کو اپنے جوتوں تلے روندنے کا خیال دل سے نکال دیں۔ پاکستان کا ہر باشعور اور باضمیر فرد اس وقت اپنی منتخب قیادت اور جمہوریت کا محافظ ہے۔

زیارت، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی پلانٹ فار پاکستان ڈے کے موقع پر مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کررہے ہیں

بلوچستان میں تعمیر وترقی کا عمل شروع ہوچکا ہے' ملک مصلح الدین مینگل

وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان بلوچستان کے عوام کے لئے مسیحا بن چکے ہیں

کوئٹہ (پ ر) ممتاز قبائلی شخصیت بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء ملک مصلح الدین مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں تعمیر وترقی کا عمل شروع ہوچکا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان بلوچستان کے عوام کے لئے مسیحا بن چکے ہیں سریاب اور قمبرانی کے علاقوں میں ترقیاتی کام کروانے پر میر جام کمال خان کے مشکور ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گلی نمبر 3 میں تعمیر ہونے والے بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

میر عمر خان جمالی' میر ظفر اللہ خان جمالی کے نقش قدم پر چل کر عوام کی خدمت کررہے ہیں' میر فضل الٰہی بنگلزئی

اوستہ محمد (نامہ نگار) سابق کونسلر سیاسی سماجی رہنماء میر فضل الٰہی بنگلزئی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میر صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی جب سے صوبائی اسمبلی میں پہنچے ہیں عوام کی بھرپور خدمت کررہے ہیں بہت سارے ترقیاتی منصوبے شروع کرکے اپنے علاقے کی عوام کے دوٹ کا حق بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

محکمہ جنگلات کی تعاون سے خضدار میں بے شمار درخت لگائے جارہے ہیں' ڈاکٹر خلیل بلوچ

وزیراعظم پاکستان پروگرام دس بلین سونامی شجرکاری مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر آفس میں درخت لگا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا

خضدار (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر خضدار ڈاکٹر خلیل بلوچ نے کہا ہے کہ درخت نہ صرف ماحول کو خوشگوار بنا دیتی ہے بلکہ انسانی زندگی پر بھی اس کے مثبت اثرات ہوتے ہیں، فضائی وزمینی آلودگی کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ بارش کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہر شہری ایک شجر ضرور لگائیں، محکمہ جنگلات کی تعاون سے خضدار میں بے شمار درخت لگائے جارہے ہیں عوام بھی اس مہم میں اپنا حصہ ضرور ڈالیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعظم پاکستان پروگرام دس بلین سونامی شجرکاری مہم کے تحت ڈپٹی کمشنر آفس میں درخت لگا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا ضلعی مہتمم جنگلات خضدار اویس اکبر اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ ڈپٹی منیجر وائلڈ لائف محمد اسلم عمرانی اور شہریوں کی بڑی تعداد نے بھی ایک ایک پودا لگا کر محکمہ جنگلات بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

چمن میں دیوار گرنے سے ایک بچی جاں بحق دوسری زخمی

کوئٹہ (این این آئی) چمن میں دیوار گرنے سے ایک بچی جاں بحق دوسری زخمی، لیویز کے مطابق جمعہ کو چمن کے علاقے گلی روڈ الدین میں مکان کی دیوار گرنے سے ایک بچی جاں بحق جبکہ دوسری زخمی ہوگئی زخمی بچی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا مزید کارروائی جاری ہے

نصیر آباد گرج چمک کے ساتھ بارش کئی نشیبی علاقے زیر آب آگئے

سیوریج کا پانی قومی شاہراہ پر کھڑا ہونے کی وجہ سے عوام اور تاجر برادری کو شدید دقت کا سامنا کرنا پڑا

عوامی مشکلات کے ازالہ کیلئے میونسپل کمیٹی کا عملہ پیش پیش ہے شہر کے مختلف علاقوں سے بارش کا پانی نکال لیا گیا ہے

نصیر آباد (ن ن) نصیر آباد کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کئی نشیبی علاقے زیر آب آگئے ڈیرہ مراد جمالی شہر میں بارش کا پانی نکالنے کیلئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑی ہدایت پر چیف آفیسر ڈیرہ مراد جمالی حاجی آزاد خان گرانی کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی نے شہر اور گلیوں سے بارش کا پانی نکالنے کے لیئے ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کردیا چیف آفیسر میونسپل کمیٹی آزاد خان گرانی نے بتایا کہ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب سے ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش شروع ہوئی جو کہ رات گئے تک بارش کا سلسلہ جاری رہا ڈیرہ مراد جمالی شہر میں بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، کمشنر عابد سلیم قریشی پلانٹ فار پاکستان ڈے کے موقع پر پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کررہے ہیں

تحصیل گندا خہ بچاؤ تحریک کا قیام عمل میں لایا گیا' فہیم خان رند

گندا خہ (نامہ نگار) تحصیل گندا خہ بچاؤ تحریک کا قیام عمل میں لایا گیا اس موقع پر تحصیل گندا خہ بچاؤ تحریک کے منتخب چیئرمین فہیم خان رند نے گندا خہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے تحریک کے قیام اور عہدیداروں کا اعلان کیا جس میں صدر کرامت علی جمالی جنرل سیکرٹری بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او سمیت دو مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی مزید ایک اور مفرور گرفتار

خضدار (نامہ نگار) ایس ایچ او سمیت کا مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی مزید ایک اور مفرور گرفتار، خضدار ایس ایس پی "گل سید خان آفریدی" کی مفرور ملزمان کے خلاف خصوصی ہدایت ڈی ایس پی بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کی بطور ڈی ایچ او قلات تعیناتی خوش آئند ہے' بشیر احمد زہرانی لانگو

ضلع میں صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے

مستگنج (نامہ نگار) ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کی بطور ڈی ایچ او قلات تعیناتی خوش آئند ہے امید ہے کہ وہ ضلع میں صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے ان خیالات کا اظہار قبائلی رہنماء بشیر احمد زہرانی لانگو، کبیر احمد زہرانی لانگو، عبدالحکیم زہرانی لانگو، محمد عمر زہرانی لانگو، حبیب محمد شبی، محمد مہیر زہرانی لانگو، صلاح الدین سرمستانی۔ ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر نصر اللہ لانگو ایک تجربہ کار اور مخلص آفیسر ہے موصوف کی ڈی ایچ او قلات تعیناتی ہونا بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

صوبے بلوچستان میں علاقائی اور ضلعی سطح پر شجرکاری مہم شروع کی جائیگی' ڈاکٹر محمد سعید جمالی

ماحولیاتی تغیریات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں جس کے اثرات عیاں ہوچکیں ہیں

کوئٹہ (ن ن) سیکریٹری فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف بلوچستان ڈاکٹر محمد سعید جمالی نے صوبائی سطح پر باقاعدہ طور سے مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کردیا ہے، جس کے تحت سیکرٹری فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف بلوچستان ڈاکٹر محمد سعید جمالی نے کوئٹہ ایئرپورٹ روڈ پر درخت کی شجرکاری کی ہے اس موقع پر کمشنر کوئٹہ سلطان علی خان چیف کنزرویٹر فاریسٹ ناتھ عبدالجبار، چیف کنزرویٹر فاریسٹ بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

گیارہ سال کے طویل عرصے تک زونگ کمپنی کا ٹاور گنداواہ کے شہریوں کا منہ چڑاتا رہا پر فعال نہ ہوسکا

گنداواہ (نامہ نگار) گیارہ سال کے طویل عرصے تک زونگ کمپنی کا ٹاور گنداواہ کے شہریوں کا منہ چڑاتا رہا پر فعال نہ ہوسکا۔ تفصیلات کے مطابق گنداواہ شہر میں زونگ کمپنی کا نصب ٹاور گیارہ سال سے زائد عرصے شہریوں کا موجہ بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کورونا کیسوں میں نمایاں کمی، صرف 52 نئے کیسز رپورٹ

ٹیسٹوں کے حساب سے مثبت کیسوں کا تناسب 1.8